لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www
e.sheharnama.com
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | ہفتہ 8 اگست 2026ء، 24 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 336
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

وزیر اعلیٰ اور گورنر ہاؤسز کے باہر دھرنے دیں گے، جم کر بیٹھیں گے، حافظ نعیم الرحمن

جماعت اسلامی کے لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد سمیت دیگر شہروں میں احتجاج، حکومت سے ظالمانہ لیوی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی واپسی کا مطالبہ

سسٹم نے اپنی ناکامی کا اعتراف کر لیا، عوام مہنگائی کے ظلم کو تسلیم نہیں کرینگے، پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ واپس لینے تک دھرنے دیں گے، امیر جماعت کا لاہور میں خطاب

لاہور، کراچی، اسلام آباد، راولپنڈی، کوئٹہ (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور ظالمانہ لیوی کے خلاف جمعہ کو ملک بھر میں پر امن احتجاجی دھرنوں، ریلیوں اور مظاہروں میں لاکھوں افراد نے شرکت کی، اہم شاہراہیں، موٹروے، انٹرچینجز اور ٹول پلازے بند کر دیے گئے۔ لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد و راولپنڈی سمیت تمام بڑے اور چھوٹے شہروں میں کم و بیش 510 مقامات پر احتجاج ہوا، کئی مقامات پر کارکنوں پر پولیس تشدد ہوا اور گرفتاریاں کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں قرطبہ چوک مکمل طور پر بند کر دیا گیا جہاں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے احتجاجی دھرنے سے کلیدی خطاب کیا۔ اسلام آباد میں 26 نمبر چونگی پر نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا اور صدر انجمن تاجران کاشف چوہدری نے احتجاجی دھرنے سے خطاب کیا، اس موقع پر پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

وزیراعظم، فیلڈ مارشل کی عمرہ ادائیگی، ملک کیلئے دعائیں

وفد کے ارکان کی کعبہ شریف کی زیارت کی سعادت حاصل، روحانی لمحات گزارے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد نے مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کیا۔ عمرہ کی ادائیگی سے قبل وزیراعظم، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وفد کے دیگر ارکان کو کعبہ شریف کی زیارت خاص کی سعادت بھی حاصل ہوئی جہاں انہوں نے عبادت کی اور روحانی لمحات گزارے۔ عمرہ کی ادائیگی کے بعد وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ، معاون خصوصی طارق فاطمی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پٹرولیم مصنوعات کے نئے نرخ

پٹرول	327 روپے 62 پیسے فی لٹر
ڈیزل	380 روپے 86 پیسے فی لٹر

مکہ، وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب اردگان دفاعی معاہدہ کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان، سعودیہ، ترکیہ دفاعی معاہدہ، ایک ملک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور ہوگا

مکہ کے قصر الصفا میں دفاعی اجلاس، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان، ترک صدر طیب اردوان اور وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ ڈیفنس جوائنٹ اگریمنٹ پر دستخط کر دیے

دعا ہے حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے امن و استحکام کی ڈھال ثابت ہو، وزیراعظم شہباز شریف

مکہ۔ اسلام آباد (سٹاف رپورٹر + مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان نے سہ فریقی دفاعی معاہدے "معاہدۂ مکہ" پر دستخط کر دیے جس کے تحت کسی بھی ایک ملک پر حملوں تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان "معاہدۂ مکہ" کے نام سے نیا سہ فریقی دفاعی معاہدہ طے پا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ترکی کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مملکت سعودی عرب کا دورہ کیا، سعودی عرب، ترکی اور پاکستان کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ طے پایا۔ تینوں رہنماؤں نے تاریخی تعلقات، اسلامی اخوت، مشترکہ اسٹریٹجک مفادات اور دیرینہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے "مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے" پر دستخط کیے۔ سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

مکہ المکرمہ (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے امن و استحکام کی ڈھال ثابت ہو اور تینوں برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پوری امت مسلمہ کے لیے ترقی، خوشحالی اور فلاح کا ذریعہ بنے۔ جمعہ کو ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ انہیں اپنے عزیز بھائی، سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم، شہزادہ محمد بن سلمان اور جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے ہمراہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کرنے کا اعزاز حاصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

مکہ مکرمہ، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر عمرہ کی ادائیگی کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

دہشتگردی عالمی امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے، سلامتی کونسل کی سوات حملے کی مذمت

حملے میں کم از کم 16 پاکستانی شہری جاں بحق، درجنوں زخمی ہوئے، کالعدم تحریک طالبان نے سوات حملے کی ذمہ داری قبول کی

متاثرین کے اہلخانہ، حکومت پاکستان اور عوام سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہیں، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

نیو یارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اراکین نے 2 اگست کو کبل میں پولیس اسٹیشن کے باہر خودکش حملے کی مذمت کی ہے۔ ترجمان سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گرد حملے میں کم از کم 16 پاکستانی شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے، کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے سوات حملے کی ذمہ داری قبول کی۔ سلامتی کونسل کے اراکین متاثرین کے اہلخانہ، حکومتِ پاکستان اور عوام سے ہمدردی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کو سینیٹ کے نو تعمیر شدہ دفاتر بارے بریفنگ دی جا رہی

عوام پاکستان پارٹی انٹرا پارٹی انتخابات مکمل کر چکی، ترجمان

انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے کی خبر کی تردید، دستاویزات الیکشن میں جمع کرا چکے، وضاحت

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) عوام پاکستان کی وضاحت عوام پاکستان میڈیا پر چلنے والی خبر سے پیدا شدہ اس تاثر کی سختی سے تردید کرتی ہے کہ جماعت نے اپنے انٹرا پارٹی انتخابات منعقد نہیں کیے۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ عوام پاکستان اپنے آئین اور الیکشن ایکٹ کے مطابق قومی سطح پر انٹرا پارٹی انتخابات مکمل کر چکی ہے اور ان انتخابات سے متعلق تمام ضروری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

خیبر پختونخوا، سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں، 10 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ، گولہ بارود برآمد

فورسز نے اعظم ورسک میں دہشت گردوں کا حملہ مؤثر انداز میں ناکام بنا دیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد مارے گئے

اسلحہ اور گولہ بارود زیر قبضہ، غیر ملکی سرپرستی اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں بلا تعطل جاری رکھنے کا عزم

وانا، دیر (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز نے دو کامیاب کارروائیاں کیں جس کے نتیجے میں 10 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں دہشت گردوں کے خلاف دو الگ الگ کارروائیاں کی گئیں، جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

حوثیوں کا سعودی شہر نجران پر حملہ، پاکستانی سمیت 11 افراد زخمی

سعودی قیادت کی حوثی حملوں کی مذمت۔ امن کے لیے سنگین خطرہ قرار

ریاض (صباح نیوز) حوثی نے سعودی عرب کے شہر نجران پر حملہ کر دیا، حملے میں 11 شہری زخمی ہوگئے، جن میں 7 سعودی، ایک یمنی، 2 مصری اور ایک پاکستانی شہری شامل ہے۔ سعودی قیادت نے حوثی حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے انہیں خطے کے امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا ہے۔ سعودی حکام نے کہا کہ ایران حامی گروہ سعودی عرب پر حملے کی تیاری کر رہی ہے، عراقی ملیشیا اور حوثی پاسداران انقلاب کی رہنمائی میں حملہ کر سکتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

حوثی ڈرون حملہ، یمن فورسز کے 3 اہلکار ہلاک، 4 زخمی

صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کے صوبے مارب میں حوثی باغیوں کے ڈرون حملے میں یمنی حکومت کی حمایت کرنے والی فورسز کے 3 اہلکار ہلاک جبکہ 4 زخمی ہوگئے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے اے ایف پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

PTCL اور پی پی اے ایف کا ڈیڑھ لاکھ ہم وطنوں کیلئے تحفہ

منصوبہ تھر میں پی ٹی سی ایل کے صاف پانی کی فراہمی کے پہلے مرحلے کی کامیابی کا تسلسل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پی ٹی سی ایل اور پی پی اے ایف نے 79 ویں یوم آزادی پر جنوبی پنجاب اور سندھ کے ڈیڑھ لاکھ ہم وطنوں کو پینے کے صاف پانی کا تحفہ دے دیا 07 اگست 2026ء: ملک کے معروف ٹیلی کام اور آئی سی ٹی خدمات فراہم کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وزیر مملکت بلال بن ثاقب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور، اٹارنی جنرل کے گھر پر دھاوا: ملزمان کا عدالت سے رجوع

عدالت کا خاتون اہلکار سمیت پانچوں ملزمان کو 12 اگست تک گرفتار نہ کرنے کا حکم

لاہور (آئی این پی) اٹارنی جنرل پاکستان کے گھر پر پولیس کا چھاپہ مارنے کے مقدمے میں نامزد دیگر پانچ ملزمان نے عبوری ضمانت کے لئے سیشن کورٹ سے رجوع کر لیا، عدالت نے پانچوں ملزمان کو 12 اگست تک گرفتار کرنے سے روک دیا۔ سیشن کورٹ لاہور میں اٹارنی جنرل پاکستان کے گھر پر پولیس کا چھاپہ مارنے کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ ملزمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سندھ ہائیکورٹ، 11 سالہ بچی سے زیادتی مجرم کی سزا کیخلاف اپیل مسترد

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائی کورٹ نے 11 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والے مجرم کی سزا کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔ عدالت نے مجرم کو ٹرائل کورٹ کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

جسٹس مسرت ہلالی ریٹائرمنٹ پر فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد

مرحوم والدین کی مشکور ہوں جن کی وجہ سے آج یہاں تک پہنچی، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ کی جج جسٹس مسرت ہلالی ریٹائر ہوگئیں، جسٹس مسرت ہلالی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر سپریم کورٹ میں فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ سپریم کورٹ پرنسپل سیٹ پر فل کورٹ ریفرنس میں 9 ججز شریک ہوئے اور سات ججز بذریعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

دمشق: بس میں دھماکا، 2 افراد جاں بحق، 13 زخمی

دمشق (صباح نیوز) شام کے دارالحکومت دمشق کے نواحی علاقے جرمانہ میں ایک منی بس میں دھماکے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور 13 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

محسن نقوی کا سیف سٹی منصوبہ 30 ستمبر تک مکمل کرنے کا ٹاسک

سیف سٹی نظام شہریوں کے تحفظ، اور فوری رسپانس کو یقینی بنائے گا، محسن نقوی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چودھری نے سیف سٹی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ جہاں محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سیف سٹی توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیف سٹی توسیعی منصوبے کو 30 ستمبر تک مکمل کرنے کا ٹاسک دیدیا۔ سیف سٹی توسیعی منصوبے پر 85 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

نئے صوبوں کا فیصلہ ہو چکا، آئین میں گنجائش موجود، کامران مرتضیٰ

مولانا فضل الرحمان کی پالیسی ہے ملک اور ادارے آئین کے مطابق چلیں، گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے سینیٹر کامران مرتضیٰ کا کہنا ہے کہ آئین پاکستان میں نئے صوبے بنانے کی گنجائش موجود ہے۔ ایک انٹرویو میں کامران مرتضیٰ نے کہا کہ نئے صوبے بنانے کی گنجائش کو آئین میں پہلے ہی رکھا گیا تھا کہ ممکنہ طور پر کسی بھی وقت نئے صوبے بن سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے صوبے بنانے کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اور سپریم کورٹ کے ججز کا جسٹس مسرت ہلالی کے الوداعی تقریب کے بعد گروپ فوٹو

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ وزارت صنعت و پیداوار بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی اے: سوشل میڈیا پر قابلِ اعتراض مواد کیخلاف کریک ڈاؤن

10 سال میں 15 لاکھ 42 ہزار 800 یو آر ایل بلاک کیے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے سوشل میڈیا پر نازیبا اور اشتعال انگیز مواد کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران لاکھوں یو آر ایل بلاک کر دیئے گئے۔ ترجمان پی ٹی اے کے مطابق گزشتہ 10 سال میں 15 لاکھ 42 ہزار 800 یو آر ایل بلاک کیے، قابلِ اعتراض مواد کے خلاف کارروائی کی شرح 90 فیصد تک پہنچ گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

واشنگٹن بار بار ڈرامائی سفارت کاری کا مظاہرہ کر رہا ہے، باقر قالیباف

تہران (صباح نیوز) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور امریکا کے ساتھ مذاکرات میں ایرانی وفد کے سربراہ محمد باقر قالیباف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ واشنگٹن بار بار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پاسپورٹ دفاتر سے ٹاؤٹ مافیا کا صفایا کرایا جائے، محمد علی رندھاوا

ڈی جی امیگریشن کی پاسپورٹ تجدید کی درخواستوں کو جلد پراسیس کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹ کی تجدید کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کرنے کی ہدایت کر دی۔ محمد علی رندھاوا نے تمام زونل ہیڈز کے ساتھ ایک آن لائن اجلاس کی صدارت کی جس میں ملک بھر کے پاسپورٹ دفاتر کی مجموعی کارکردگی، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا تفصیلی جائزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

نارووال، 9 کلو وزنی بھارتی ساختہ ٹینک شکن بارودی سرنگ برآمد

نارووال (صباح نیوز) نالہ ڈیک سے انڈین ساختہ نو کلو وزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد، سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ نے اطلاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب کچھی سے قازقستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

PTI کو مذاکرات کی دعوت نہیں دی، وہ بات کرنا ہی نہیں چاہتے، ایاز صادق

تحریک انصاف نے اپوزیشن لیڈر کا انتخاب شاید اسلئے کیا تھا کہ وہ مذاکرات کریں لیکن انکو شاید اجازت نہیں ملی، عامر ڈوگر سے گفتگو

PTI کے قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کے پاس جو اسٹاف ہے وہ واپس کر دیں گے تو ہم استعمال کریں گے، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو مذاکرات کی دعوت نہیں دی، وہ بات چیت کرنا ہی نہیں چاہتے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ میں نے تحریک انصاف کو مذاکرات کی کوئی دعوت نہیں دی۔ عامر ڈوگر سے ملاقات میں قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی کی تقریب میں ان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی، 9.2 فیصد کی سطح پر آگئی، نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا دعویٰ

غیر معیاری اشیائے خورونوش عوامی صحت کیلئے خطرہ، احسن اقبال کا کھلے گھی، خوردنی تیل، دودھ کا سروے کرانے کی ہدایت

قیمتوں کے بگاڑ کی وجوہات کا جائزہ لے کر صارفین کو منصفانہ قیمتوں پر فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں مہنگائی کی شرح میں دو فیصد کمی سے 9.2 فیصد کی سطح پر آگئی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک میں مہنگائی کی صورتحال، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور غذائی اشیاء کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ جولائی کے دوران مہنگائی کی شرح 11.1 فیصد سے کم ہو کر 9.2 فیصد پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

امریکی میزائل ذخائر کم ہونے کی خبریں، ٹرمپ کا تحقیقات کا حکم

میزائلوں، فضائی دفاعی نظام اور دیگر اہم جنگی ساز و سامان کی دستیابی سے متعلق سوالات

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جاری جنگ کے دوران امریکی فوج کے ہتھیاروں اور گولہ بارود کے ذخائر سے متعلق حساس معلومات میڈیا تک پہنچنے کے معاملے کی تحقیقات کا حکم دے دیا امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے امریکی انتظامیہ کے عہدیداروں کے حوالے سے رپورٹ میں کہا ہے کہ صدر ٹرمپ نے پینٹاگون کے عسکری ذخائر سے متعلق معلومات کے افشا ہونے کے بعد نئی تحقیقات شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

مون سون کا 5 واں اسپیل آج سے شروع ہونے کی پیشگوئی

ندی نالوں میں طغیانی، پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ، پی ڈی ایم اے

لاہور (آئی این پی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے مون سون کے پانچویں اسپیل کے کل سے شروع ہونے کی پیشگوئی کر دی۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق بارشوں کا نیا سلسلہ مختلف اضلاع کو متاثر کریگا، جس کے باعث نشیبی علاقوں میں اربن فلڈنگ، ندی نالوں میں طغیانی اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ گلوبل ساؤتھ سمٹ سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال سے بیلاروس کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بولان، نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں پولیس اہلکار شہید

شہید کی میت آبائی گاؤں روانہ، واقعہ کی تحقیقات کا آغاز، حملہ آوروں کی تلاش شروع

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع بولان کے علاقے دوسہ کراس چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں بلوچستان پولیس کا ایک اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق بالاناڑی نیشنل ہائی وے پر واقع دوسہ کراس چوکی پر رات گئے نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا، جس کے نتیجے میں دورانِ ڈیوٹی اپنے فرائض انجام دینے والے پولیس اہلکار حافظ عبدالرشید ابڑو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

روس کا یوکرینی فوجی سامان کے 3 جہازوں پر حملہ

ماسکو (آئی این پی) روسی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی مسلح افواج نے بحیرہ اسود میں یوکرینی فوج کے لیے فوجی سامان لے جانے والے تین کارگو جہازوں کو نشانہ بنایا اور تباہ کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

تھائی لینڈ، سکول میں فائرنگ، 7 افراد ہلاک، 15 زخمی

پولیس، طبی عملہ اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی ٹیمیں پہنچ گئیں، تحقیقات شروع

بینکاک (آئی این پی) تھائی لینڈ کے دارالحکومت بینکاک میں میں ایک اسکول میں ہونے والی فائرنگ کے نتیجے میں 7 افراد ہلاک جبکہ 15 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں ایک ٹیچر اور اسٹوڈنٹس شامل ہیں، فائرنگ کے بعد ملزم نے اپنی جان لے لی، فائرنگ کرنے والا شخص اسی اسکول کا طالب علم تھا۔ حکام کے مطابق مشتبہ حملہ آور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

جنوبی لبنان میں صحافیوں پر اسرائیلی حملے جنگی جرائم قرار

لبنان عالمی فوجداری عدالت کے دائرۂ اختیار کو تسلیم کرے، انسانی حقوق تنظیمیں

بیروت (مانیٹرنگ ڈیسک) انسانی حقوق تنظیموں نے کہا ہے کہ جنوبی لبنان میں صحافیوں پر اسرائیلی حملہ جنگی جرم تھا۔ ہیومن رائٹس واچ اور ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹس کے مطابق 22 اپریل کو الطیری قصبے میں رپورٹنگ کے دوران صحافیوں کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ ہیومن رائٹس واچ اور ایمنسٹی انٹرنیشنل نے واقعے کی آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے اور لبنان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ٹرمپ خطرناک عسکری جال میں پھنس چکے ہیں، امریکی ماہر

شکاگو (آئی این پی) امریکا کی شکاگو یونیورسٹی کے پروفیسر رابرٹ پیپ نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ تاریخ کے خطرناک ترین عسکری جال میں پھنس چکے ہیں۔ عرب میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

روزنامہ
SHEHAR NAMA Daily
شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

امریکہ اور ایران کے درمیان مستقل معاہدہ متوقع!

ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں کے گزرنے کے راستے کی جغرافیائی حدود سے متعلق اومان کے ساتھ اتفاقِ رائے ہو گیا ہے جبکہ پاکستان اور قطر کے ساتھ بھی سفارتی مشاورت کا سلسلہ جاری ہے۔ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے میڈیا بریفنگ میں بتایا کہ ایران اور اومان آبنائے ہُرمز میں بحری راستے پر متفق ہو چکے ہیں جبکہ دونوں ممالک مشترکہ اعلامیے کی تیاری کے آخری مرحلے میں ہیں۔اُنہوں نے کہا کہ اگر "کسی تیسرے فریق" کی طرف سے مداخلت نہ ہوئی تو جلد اِس حوالے سے مشترکہ اعلان جاری کر دیا جائے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ایران اپنے ہم منصبوں کے ساتھ پاکستان اور قطر کے ذریعے مسلسل رابطے اور مشاورت جاری رکھے ہوئے ہے تاہم فی الحال ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی یا پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف کے پاکستان یا قطر کے دورے کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق خطے کی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر سفارتی رابطے بدستور جاری رہیں گے۔متفقہ انتظام کے تحت، آبنائے ہُرمز سے خلیج میں داخل ہونے والے تمام بحری جہاز شمالی کوریڈور یعنی ایرانی حدود سے جبکہ آبنائے ہرمز سے بحیرہ عرب کی طرف جانے والے جہاز ایران کی مشاورت سے جنوبی کوریڈور یعنی اومانی حدود سے گزریں گے۔آئندہ دو ماہ تک بحری جہازوں سے کوئی ٹول یا فیس وصول نہیں کی جائے گی اور اِس معاہدے میں مزید توسیع بھی کی جا سکتی ہے۔ایرانی سرکاری میڈیا نے یہ بھی واضح کیا کہ اگر دونوں ممالک کے درمیان آبنائے ہُرمز میں جہاز رانی کے مستقبل کے انتظامات سے متعلق کوئی معاہدہ طے بھی پا جاتا ہے تو اِس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ اہم بحری گزرگاہ فوری طور پر دوبارہ کھل جائے گی تاہم اِس کے برعکس مغربی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق آبنائے ہُرمز جلد کھول دی جائے گی۔ امریکی میڈیا کے مطابق اِسی بنیاد پر امریکی وزارتِ خزانہ نے "پاسدارانِ انقلاب" سے وابستہ کئی اداروں سے پابندیاں ختم کردی ہیں۔

طویل عرصے سے شدید کشیدگی، جنگوں اور معاشی عدم استحکام کا شکار مشرقِ وسطیٰ بالآخر سفارتی کامیابیوں کے ایک نئے باب میں داخل ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ نامور امریکی نیوز ویب سائٹ "ایگزیوس" کی حالیہ رپورٹ کے مطابق خطے میں جاری سفارتی کوششوں اور امریکی وزارتِ خزانہ کی طرف سے عائد پابندیوں میں نرمی کے اقدامات اِس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ تباہی کے بادل اب چھٹ رہے ہیں اور خطے میں اَمن، استحکام اور باہمی تعاون کی ایک نئی صبح طلوع ہورہی ہے۔امریکہ اور ایران کے درمیان کئی ہفتوں کی طویل اور پیچیدہ بات چیت کے بعد ممکنہ باضابطہ اعلان اِس بات کی علامت ہے کہ فریقین سفارت کاری کا راستہ اپنائے ہوئے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اِس حوالے سے ہونے والی اِس نئی پیشرفت کا مقصد امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کو برقرار رکھنا اور جوہری مذاکرات کو دوبارہ فعال کرنے کے لئے بات چیت کا احیاء ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق اومان اور ایران مذاکرات میں قطر، پاکستان اور سعودی عرب کے علاوہ امریکی سہولت کاری بھی شامل تھی۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اومانی وزیر خارجہ بدر البوسعیدی کے درمیان ہونے والے حالیہ رابطے اِس بات کا ثبوت ہیں کہ امریکہ بھی اِن معاملات میں آن بورڈ تھا۔حالیہ سفارتکاری سے یہ بھی واضح ہورہا ہے تمام فریق اگر سنجیدگی سے بیٹھ کر بات چیت کریں تو مسائل کا حل نکالا جاسکتا ہے۔

خطے میں تناؤ اگرچہ برقرار ہے، حوثی عسکری ترجمان نے بحیرہ احمر کے شمالی حصے میں سعودی آئل ٹینکر کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے تاہم اِس کے برعکس سعودی عرب کا ردِعمل انتہائی دانشمندانہ رہا ہے، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے زیر صدارت ہونے والے کابینہ اجلاس میں امریکہ اور ایران کی جنگ کا واحد اور حتمی حل مذاکرات ہی کو قرار دیا گیا۔ یہ رویہ اِس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ علاقائی طاقتیں اب جذباتی اشتعال انگیزی کے بجائے پائیدار اَمن کی ضرورت کو مقدم سمجھ رہی ہیں۔ سعودی کابینہ نے غزہ میں ہتھیاروں کے خاتمے اور اَمن معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے مصر، قطر، ترکیے، امریکہ اور دیگر ثالثوں کے کردار کو سراہا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ معاملات میں بہتری آرہی ہے۔ممکنہ امریکہ ایران معاہدے کی خبر کے نتیجے میں تیل کی عالمی قیمتوں میں کمی آئی جس سے دنیا نے سُکھ کا سانس لیا۔مشرقِ وسطیٰ کی موجودہ صورتحال تاریخی موڑ پر آن کھڑی ہوئی ہے، گولہ بارود کی برسات اور سخت دھمکیوں کے بعد معاملات ایک بار پھر بات چیت اور رعایتوں کے تبادلے کے علاوہ معاشی اور تجارتی تحفظ کی کوششوں کی طرف جاتے نظر آرہے ہیں اور اُمید پیدا ہونا شروع ہوگئی ہے کہ بند دروازے ایک بار پھر کھلنا شروع ہوجائیں گے۔تمام فریق اگر اِسی سنجیدگی، لچک اور مثبت رویے پر قائم رہے تو جلد ہی امریکہ اور ایران کے درمیان مستقل معاہدہ ہوجائے گا۔

حکومتی گورننس پر سوالات اٹھنا فطری امر!

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کہا ہے کہ وہ اپنی پرفارمنس پر وزیراعظم کو جوابدہ ہیں اس لئے ان کی وزارت سمیت تمام وزارتوں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے اور اس کے نتائج عوام کے سامنے رکھے جائیں۔ گذشتہ روز اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ حکومت کا حصہ ہیں اس لئے اپنی ہی حکومت کو چارج شیٹ نہیں کر سکتے تاہم وزیراعظم شہباز شریف نے موجودہ حالات میں بھی ریونیو میں نمایاں اضافہ کیا ہے اور ایف بی آر میں اصلاحات کی ہیں۔ وزیراعظم روزانہ 14 سے 16 گھنٹے کام کرتے ہیں، اگر حالات مزید بہتر ہوجائیں تو ایک ہزار گنا بہتر نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں۔انہوں نے اس امر کا بھی اظہار کیا کہ وزیراعظم اپنی آئینی مدت کے مطابق پانچ سال پورے کریں گے اور یہ حکومت کہیں نہیں جارہی۔ سید محسن نقوی کا کہنا تھا کہ وہ سمجھتے ہیں، ملک میں 80 سال سے جو نظام چل رہا ہے وہ ناکارہ ہے۔ اگر نظام درست چل رہا ہوتا تو پاکستان کہیں زیادہ ترقی کر چکا ہوتا۔ان کے بقول لوگوں کی خواہش ہے کہ ان کے اور وزیراعظم کے تعلقات خراب ہو جائیں، وہ ان لوگوں کے شکر گذار ہیں جن کا یہ کہنا ہے کہ میں نے 30 سال کا سفر تین سال میں طے کیا ہے۔اس تلخ حقیقت سے تو انکار ممکن نہیں کہ عوام کی سلطانیٔ جمہور سے وابستہ توقعات کبھی پوری نہیں ہو پائیں اس لیئے عوام کا سسٹم پر اعتماد کبھی مضبوط نہیں ہو پایا۔عوام جب اپنے روٹی روزگار، غربت، مہنگائی کے سنگین مسائل اور توانائی کے بے قابو ہوتے بحران کا جائزہ لیتے ہوئے حکمران اشرافیہ طبقات کی مراعات اور ان کے اللے تللوں پر نگاہ ڈالتے ہیں تو سسٹم کے ساتھ ان کی مایوسی اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ سسٹم کے ساتھ عوام کی مایوسی صرف ہمارے ملک میں ہی نہیں بلکہ اس خطے کے دوسرے ممالک بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا اور بھارت میں بھی بدرجہ اتم نظر آتی رہی ہے جس پر دوسرے متذکرہ ممالک میں سخت عوامی ردعمل بھی سامنے آیا اور بنگلہ دیش، نیپال اور سری لنکا میں تو سسٹم کی کایا کلپ ہوگئی جبکہ بھارت میں تعلیمی نظام سے مایوس طلبہ سروس کمیشن کی بے انصافیوں کے خلاف سڑکوں پر آ گئے جنہیں بھارتی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے حقارت سے کاکروچ کہہ کر مخاطب کیا تو ایک نوجوان نے طلبہ تحریک کو بھارتیہ کاکروچ پارٹی کا لبادہ پہنا دیا اور بالآخر مودی سرکار اس کاکروچ پارٹی کی تحریک کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوگئی۔ اس تناظر میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے معاشی سربراہی کانفرنس میں پاکستان کے مروجہ نظام پر کھل کر بات کی اور اسے نہ صرف ناکارہ قرار دیا بلکہ سسٹم کے اندر سے نیا سسٹم نکالنے کی بات کی جس کے لئے انہوں نے نئے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کی ضرورت پر زور دیا تو بادی النظر میں یہی عندیہ ملا کہ وہ اتحادی حکومت میں جن کی نمائیندگی کر رہے ہیں وہ ان کی جانب سے سسٹم کی تبدیلی کا پیغام دے رہے ہیں۔ یقیناً اسی بنیاد پر حکمران اتحادی جماعتوں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی جانب سے ردعمل آنا شروع ہوا اور مختلف فورموں پر بھی یہ سوال اٹھنے لگا کہ وزیر داخلہ کے بقول یہ سسٹم ناکارہ ہے تو اسے برقرار رکھنے کا کیا جواز رہ جاتا ہے۔محسن نقوی نے یقیناً اس ردعمل کی بنیاد پر ہی معاشی کانفرنس میں کی گئی اپنی تقریر کی وضاحت کرنا ضروری سمجھا تاہم وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے قیام پاکستان سے اب تک کے پورے 80 سالہ سسٹم کو ناکارہ قرار دے دیا جس میں بابائے پاکستان قائداعظم کا سوا سال کا عرصہ اقتدار بھی شامل ہے۔ ان کی اس بات پر تو پاکستان کا وجود تسلیم نہ کرنے والے عناصر بشمول بھارت کے حوصلے پاکستان کی سلامتی کے خلاف مزید بلند ہوسکتے ہیں اس لئے وزیر داخلہ کی وضاحت "عذرِ گناہ بدتر از گناہ" کے زمرے میں ہی آتی ہے۔ اگر وہ معاشی کانفرنس والے اپنے خیالات کا اظہار منتخب ایوانوں کے اندر یا وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کرتے تو اس سے سسٹم کی اصلاح کے لئے ان کی فکر مندی ظاہر ہوتی مگرانہوں نے پبلک میں اس موضوع کو زیر بحث لا کر" یارانِ نکتہ داں" کے لئے تنقید کے راستے کھول دیئے۔اب وہ سسٹم کو ناکارہ قرار دے کر اسی سسٹم کے چلتے رہنے اور وزیراعظم کے اپنی آئینی مدت پوری کرنے کی بات کر رہے ہیں تو بادی النظر میں وہ اپنے بتائے گئے اسی ناکارہ سسٹم کا اب دفاع بھی کررہے ہیں۔

یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ ملک میں غربت، مہنگائی، بے روزگاری، توانائی کے بحران، کمزور گورننس، ادارہ جاتی بدنظمی اور سرکش بیوروکریسی نے عام آدمی کی زندگیاں دشوار بنا رکھی ہیں۔ اگرچہ مختلف ادوار میں حکومتوں نے اصلاحات کے دعوے کیے، مگر عملی طور پر نظام کی بنیادی خامیوں کو دور کرنے کی سنجیدہ کوشش کم ہی نظر آئی۔ یہی وجہ ہے کہ عوام کا ریاستی اداروں اور حکومتی نظام پر اعتماد مسلسل متاثر ہوا ہے۔ جب عام آدمی کو انصاف، روزگار، سستی توانائی، معیاری تعلیم اور بروقت صحت کی سہولتیں میسر نہ ہوں اور حکمرانوں کی مسلط کردہ مہنگائی نے آبرومندی کے ساتھ زندگی گذارنے کی سکت بھی چھین لی ہو تو عوام میں بے چینی اور اضطراب پیدا ہونا فطری امر ہے۔

اس تناظر میں سید محسن نقوی کی تمام وزارتوں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے اور اس کے نتائج عوام کے سامنے رکھنے کی تجویز ایک مثبت تجویز ہے کیونکہ شفاف احتساب اور حکومتی کارکردگی کی غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کسی بھی جمہوری نظام کا بنیادی تقاضا ہوتا ہے۔ اگر وزارتوں، سرکاری اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی کا آزادانہ جائزہ لیا جائے اور اس کی رپورٹ عوام کے سامنے پیش کی جائے تو اس سے نہ صرف احتساب کا عمل مضبوط ہوگا بلکہ حکومتی اداروں پر عوام کا اعتماد بھی بحال ہونے میں مدد ملے گی۔

البتہ وزیر داخلہ کے خیالات کے اظہار سے لوگوں کے دلوں میں پیدا ہونے والے اس تجسس پر انہیں مطمئن کرنا ضروری ہے کہ اگر وزیر داخلہ خود اس نظام کا حصہ ہیں تو ایسی بنیادی نوعیت کی گفتگو کا مناسب فورم کیا ہونا چاہیے؟ حکومتی وزرا اگر عوامی سطح پر اپنے ہی نظام پر تنقید شروع کر دیں تو اس سے حکومتی گورننس پر سوالات اٹھنا فطری امر ہوگا

بلاول بھٹو کی "ٹک تاک"

کہتے ہیں کہ انسان کا پہلا پیشہ یا پہلی محبت زندگی بھر اس کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔ انسان چاہے اقتدار کے ایوان زیریں میں بیٹھے یا صدارتی محل کے پُرعظمت ایوانوں میں، ماضی کے سائے اس کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ جنابِ عالی آصف علی زرداری کی سیاست پر غور کیجیے تو یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے۔ جس باریکی، چابک دستی اور ناظرین کو طویل عرصے تک "تجسس" میں مبتلا رکھنے کی صلاحیت کے ساتھ انہوں نے اپنے سیاسی وارث بلاول بھٹو زرداری سے سینیٹ ہو یا اسمبلی، جلسہ گاہ ہو یا میڈیا، ٹک تاک، ٹک تاک ※ کا منظر نامہ پیش کروایا ہے، اسے دیکھ کر بلاشبہ یہی اندازہ ہوتا ہے کہ وہ آج بھی بمبینو سینما کراچی کے اسکریننگ روم، فلمی پوسٹروں اور کلاسک ہٹ سسپنس فلموں کی حسین یادوں کے اسیر ہیں۔

فرق صرف اتنا ہے کہ بمبینو سینما میں کسی زمانے میں فلک بوس پردے پر دوسروں کی بنائی فلمیں چلا کرتی تھیں، اور آج کی پاکستانی سیاست کے عظیم الشان سینما ہال میں آصف علی زرداری خود بلا شرکتِ غیرے "مہا ڈائریکٹر" کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ شاندار، جذباتی اور تالیاں بٹورنے والے ڈائیلاگ تحریر کرتے ہیں، اور آخر میں اپنے ہونہار مرکزی اداکار کو اس میں "حقیقی رنگ" بھرنے کے لئے سٹیج پر اتار دیتے ہیں۔

اگر ایسا نہ ہوتا، تو پھر آخر بلاول بھٹو زرداری کس طرح اتنی شاندار اور لرزہ خیز اداکاری کے ساتھ "ٹک تاک، ٹک تاک" کی گردان رٹ سکتے تھے؟ کشمیر کے انتخابات اتنا بڑا قومی بحران تو نہ تھا کہ جس پر پوری وفاقی حکومت کو الٹی گنتی، یعنی "ٹک تاک، ٹک تاک" کی آخری وارننگ جاری کر دی جاتی! مگر ڈائریکٹر صاحب کو معلوم تھا کہ جب تک منظر میں سسپنس کا بیک گراؤنڈ میوزک اور گھڑی کی سوئیوں کے ٹِک ٹِک کی آواز نہ شامل کی جائے، تب تک اسلام آباد کے سامعین اور سیاسی سینما ہال میں بیٹھے تماشائی عوام میں سنسنی پیدا نہیں کی جا سکتی۔

زرداری صاحب کی طرزِ سیاست دراصل 'بمبینو ڈائریکشن' کا ایک ارفع نمونہ ہے۔ ان کا فلسفہ یہ ہے کہ فلم کا ہیرو چاہے جتنا بھی جذباتی ہو کر اسٹیج پر ڈائیلاگ بولے، دھمکیاں دے، یا 'ایک زرداری، سب پر بھاری' کے نعرے لگائے، اصل کنٹرول ہمیشہ پردے کے پیچھے بیٹھے پروڈیوسر اور ڈائریکٹر کے پاس ہی رہنا چاہیئے۔ جب بلاول صاحب اسلام آباد کے حکمرانوں کو الٹی گنتی کی نوید سنا رہے ہوتے ہیں، تو اسلام آباد کے پریس کلب سے لیکر پردھان منتری کے دفاتر تک ایک کھلبلی مچ جاتی ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ بس اب حکومت گری کہ تب گری! لیکن پردے کے پیچھے بیٹھے زرداری صاحب آہستہ سے اپنی مشہورِ زمانہ مسکراہٹ کے ساتھ چائے کا گھونٹ بھرتے ہیں اور کہتے ہیں: "کٹ! بہترین شاٹ تھا۔ اب اگلی قسط کا انتظار کرو"۔

حکومتوں کو الٹی گنتی سنانا اور پھر انہی کے ساتھ مل کر بجٹ پاس کروا دینا، طاقتور حلقوں کو آنکھیں دکھانا اور پھر اسی شام ان کے ساتھ این آر او یا پاور شیئرنگ کا فارمولا طے کر لینا، یہ وہ سسپنس تھرلر ہے جس کے واحد شاہکار تخلیق کار آصف زرداری ہیں۔ اپوزیشن کے باقی اداکار جب میدان میں آتے ہیں تو وہ سیدھا فائٹ سین (مار دھاڑ) شروع کر دیتے ہیں، جس کا نتیجہ اکثر ان کی اپنی ہی 'گرفتاری' یا فلم کے 'فلاپ' ہونے کی صورت میں نکلتا ہے، مگر زرداری صاحب کی ڈائریکشن کا انداز جداگانہ ہے۔ وہ کہانی کو آہستہ آہستہ آگے بڑھاتے ہیں۔ پہلے ڈائیلاگ، پھر ہنگامہ، پھر ڈائیلاگ کا بائیکاٹ، پھر خفیہ ملاقات، اور آخر میں ایک ایسا کلائمیکس ※ جس میں ہیرو اور ولین دونوں ایک ہی دسترخوان پر نہاری کھاتے ہوئے پائے جاتے ہیں۔

کشمیر کے الیکشن ہوں یا اسلام آباد کی مسندِ اقتدار، بلاول صاحب کا وہ "ٹک تاک، ٹک تاک" کا انداز محض ایک سیاسی تقریر نہیں تھی، بلکہ وہ زرداری اسکول آف آرٹ کا ایک تماشائی آئٹم نمبر تھا۔ حکومت کے اپنے ترجمان بھی اتنے بھولے ہیں کہ اس مکالمے کا توڑ کرنے کے بجائے گھبرا گئے۔ اگر ہم حکومت کے ترجمان یا ان کی پبلک ریلیشنز ٹیم میں ہوتے، تو اس دھمکی انگیز "ٹک تاک" کے جواب میں پریس کانفرنس کرتے اور کچھ کہے بغیر بس ایک مشہور شعر مسکرا کر پڑھ دیتے:

خنجر اُٹھے گا نہ تلوار ان سے
یہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں

خطے میں طاقت کے توازن کے پیمانے بدل گئے ہیں، اسٹریٹیجک معاہدہ امن، اتحاد اور باہمی تعاون کے نئے دور کا آغاز ہے، اختیار ولی

کیونکہ جو حکومتیں اور سیاسی جماعتیں زرداری صاحب کے ساتھ تاش کی بازی کھیل چکی ہیں، وہ اچھی طرح جانتی ہیں کہ جب زرداری صاحب کی فلم میں "خنجر اور تلوار" لہرائے جاتے ہیں، تو اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ جنگ شروع ہوگئی ہے۔ ان کی خنجر آزمائی کا مقصد خون بہانا نہیں، بلکہ سامنے والے سے اپنے حصے کا کیک حاصل کرنا ہوتا ہے۔

زرداری صاحب کی اس طویل اور پراسرار سیاست کا سب سے دلچسپ پہلو یہ ہے کہ وہ ہر کھلاڑی کو لگتا ہے کہ وہ خود کھیل رہا ہے۔ پیپلز پارٹی کے کارکنان سمجھتے ہیں کہ بلاول بھٹو انقلابی تقریروں سے نظام کو بدل رہے ہیں، جبکہ حقیقت میں زرداری صاحب کی نظریں صرف اس بات پر ہوتی ہیں کہ اگلے سین میں صدر ہاؤس کی چابی کس کی جیب میں جائے گی۔ وہ ہر دور میں "مجبورِ محض" بن کر آتے ہیں، لیکن جب ڈراما ختم ہوتا ہے تو تمام ترفوائد انہی کی گود میں گرے ہوتے ہیں۔

پسِ پردہ ڈائریکٹر، بمبینو کا پرانا سینما ہال، اور سامنے سٹیج پر 'ٹک تاک ٹک تاک' کی سسپنس بھری ڈرامائی گردان! زرداری صاحب کا یہ 'سیاسی سینما' گزشتہ چند دہائیوں سے مسلسل ہٹ جا رہا ہے۔ باقی تمام سیاسی جماعتیں اس فلم کے محض شائقین یا اضافی اداکار (ایکسٹراز) ہیں جو وقتاً فوقتاً تالیاں بجانے یا اینٹری دینے کے لئے آتے ہیں اور جب تک شائقین اس "ٹک تاک" کو سچ سمجھتے رہیں گے، یہ کامیاب ڈائریکٹر اسلام آباد کی باکس آفس پر کامیابی کے نئے ریکارڈ بناتا رہے گا!

کیونکہ جو حکومتیں اور سیاسی جماعتیں زرداری صاحب کے ساتھ تاش کی بازی کھیل چکی ہیں، وہ اچھی طرح جانتی ہیں کہ جب زرداری صاحب کی فلم میں "خنجر اور تلوار" لہرائے جاتے ہیں، تو اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ جنگ شروع ہوگئی ہے۔ ان کی خنجر آزمائی کا مقصد خون بہانا نہیں، بلکہ سامنے والے سے اپنے حصے کا کیک حاصل کرنا ہوتا ہے۔

زرداری صاحب کی اس طویل اور پراسرار سیاست کا سب سے دلچسپ پہلو یہ ہے کہ وہ ہر کھلاڑی کو لگتا ہے کہ وہ خود کھیل رہا ہے۔ پیپلز پارٹی کے کارکنان سمجھتے ہیں کہ بلاول بھٹو انقلابی تقریروں سے نظام کو بدل رہے ہیں، جبکہ حقیقت میں زرداری صاحب کی نظریں صرف اس بات پر ہوتی ہیں کہ اگلے سین میں صدر ہاؤس کی چابی کس کی جیب میں جائے گی۔ وہ ہر دور میں "مجبورِ محض" بن کر آتے ہیں، لیکن جب ڈراما ختم ہوتا ہے تو تمام ترفوائد انہی کی گود میں گرے ہوتے ہیں۔

پسِ پردہ ڈائریکٹر، بمبینو کا پرانا سینما ہال، اور سامنے سٹیج پر 'ٹک تاک ٹک تاک' کی سسپنس بھری ڈرامائی گردان! زرداری صاحب کا یہ 'سیاسی سینما' گزشتہ چند دہائیوں سے مسلسل ہٹ جارہا ہے۔

پنجاب پولیس کو کیا ہو گیا ہے؟



میں جب ایم ڈی اے چوک ملتان سے کچہری کی طرف جاتا ہوں تو میری نظر پولیس لائن کی دیوار پر لگی اُن تصویروں پر پڑتی ہے جو پولیس شہداء کی ہیں، اسی طرح پولیس ٹریننگ سکول کی دیواروں پر بھی پولیس کے شہیدوں کی تصویریں آویزاں ہیں یہ وہ جاں باز ہیں جنہوں نے جرائم پیشہ مجرموں کے خلاف لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا، ان میں ہر رینک کے افسر و جوان شامل ہیں ابھی دو روز پہلے پولیس شہداء کا دن بھی منایا گیا۔ مجھے یاد ہے جب سردار محمد چودھری آئی جی پولیس پنجاب تھے تو ملتان میں پولیس شہداء کے لئے ایک تقریب ہوئی تھی، جس کی نظامت میں نے کی تھی، اس تقریب میں سردار محمد چودھری نے بہت سی باتوں کے ساتھ یہ بات بھی کی تھی کہ ان شہداء کی لاج رکھنا پولیس کے ہر افسر اور جوان کا فرضِ اولین ہے اور لاج وہ اس طرح رکھ سکتے ہیں کہ اپنے نصب العین پر ڈٹے رہیں، اپنے کردار پر کوئی حرف نہ آنے دیں اور جرائم سے معاشرے کو محفوظ بنانے کے لئے اپنا فرض ادا کرتے رہیں وہ پُرجوش انداز میں کہہ رہے تھے، پنجاب پولیس معاشرے کے ماتھے کا جھومر ہے کہ قربانیاں دے کر اُس کے اَمن کو سلامت رکھا ہے، میں سوچتا ہوں اگر آج سردار محمد چودھری زندہ ہوتے اور اُن واقعات کو دیکھتے جو پولیس کے ماتھے پر کلنک کا داغ بن گئے ہیں تو کیا سوچتے پنجاب پولیس ایسی تو نہ تھی۔ خرابیاں ہر محکمے میں ہیں پولیس میں بھی تھیں، مگر بحیثیت ادارہ اُس کی بگڑتی ہوئی شناخت نے سب کو حیران و پریشان کر دیا ہے۔ لاہور کے غازی آباد تھانے کے 78 افسر واہلکار معطل کر دیئے گئے۔ ایک اے ایس آئی نے مبینہ طور پر ذہنی معذور ایک نابالغ لڑکی کو تھانے کے اندر زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔ میں ابھی اس بات کو ہضم نہیں کر سکا، اُٹھتر اہلکاروں کی موجودگی میں اے ایس آئی نے وہ جگہ، وہ تخلیہ کیسے تلاش کیا، کسی کی اُس پر نظر نہیں گئی؟ ایس ایچ او کو جو تھانے کا بے تاج بادشاہ ہوتا ہے، اس کی خبر تک نہ ہوئی۔ مقدمہ اگلے دن درج ہوا اور وہ بھی اُس وقت جب واقعہ سوشل میڈیا کے ذریعے زبانِ زد عام ہوگیا۔ ابھی اس واقعہ کی بازگشت جاری تھی کہ تھانہ غلام محمد آباد فیصل آباد سے ایک اور خبر آ گئی۔ جماعت اسلامی پاکستان کے رکن ڈاکٹر افتخار علی کے والد ذوالفقار علی اپنی بیٹی اور نواسی کے ہمراہ ایک شکایت درج کرانے تھانے گئے، بیٹی اور نواسی کو وہ اس لئے ساتھ لے گئے کہ محلے کے چند اوباش انہیں ہراساں کرتے تھے۔ وہاں بھی ایک اے ایس آئی ٹکر گیا، جس نے تحمل سے شکایت سننے کی بجائے اُلٹا بزرگ شخصیت ذوالفقار علی پر چڑھائی کر دی کہ وہ شرفاء پر الزام لگا رہے ہیں۔ صرف یہی نہیں اُس نے ملزم پارٹی کو کرسی پر بٹھایا جبکہ شکایت کنندہ کو بیٹی اور نواسی کے سامنے بُری طرح ڈانٹا، جس سے ذوالفقار علی کی طبیعت بگڑ گئی اُن کا دِل بند ہوگیا اور وہ وہیں انتقال کر گئے۔ ہم ان واقعات کی طرف نہیں جاتے، جن میں پولیس کی من مانی اور اختیارات کے بے لگام ہونے کی نشاندہی ہوتی ہے، مثلاً لاہور میں اٹارنی جنرل کی رہائش گاہ پر دھاوایا وفاقی وزیر قیصر شیخ کا یہ کہنا کہ تین ماہ ہو گئے پولیس اُن کی چوری کے معاملے میں ٹس سے مس نہیں ہو رہی۔ ابھی کل ہی لاہور میں ایوانِ عدل کے باہر پی ٹی آئی اور وکلاء کے مظاہرے سے پولیس نے ایک صحافی کو پکڑا، کئی پولیس والے اُس پر تشدد کرتے پولیس وین کی طرف لے گئے، صحافی شور مچاتے رہے یہ سیاسی کارکن نہیں صحافی ہے، مگر اُن کی ایک نہ سنی گئی، یہ تو اچھا ہوا اِس واقعہ سے دو دن پہلے یہ خبر آ گئی تھی کہ لاہور کے ڈی آئی جی آپریشن فیصل کامران اور صحافیوں میں صلح ہو گئی ہے وگرنہ یہی کہا جاتا کہ ڈی آئی جی نے سپیشل ٹاسک دے کر صحافی کو پٹوا دیا ہے۔ مجھے یاد ہے ایک زمانہ تھا پنجاب پولیس کے بارے میں کہا جاتا تھا بہت پروفیشنل ہے۔ کرائم فائٹر ہے اور اسے اپنے محکمے کی نیک نامی کا بھی خیال ہے۔ اُس کا ڈسپلن بھی بہت بہتر تھا اور افسروں کی گرفت بھی بہت مضبوط تھی۔ اب تو لگتا ہے اس فورس کا ہر فرد یہ سمجھتا ہے اُسے کھلی چھٹی مل گئی ہے۔ پھر ایک اور چیز جو لاہور اور فیصل آباد کے واقعات میں سامنے آئی ہے وہ تھانے پر ایس ایچ او کی کمزور گرفت کا بھانڈا پھوٹنا ہے، پرانے زمانے میں ایس ایچ او کے علاقے میں اُس کی مرضی کے بغیر پتہ بھی نہیں ہلتا تھا چہ جائیکہ اُس کے تھانے میں ماتحت من مانیاں، بلکہ مجرمانہ شیطانیاں کرتے پھریں۔ ڈی آئی جی لاہور فیصل کامران نے ایس ایچ او غازی آباد کو معطل کرنے کا درست فیصلہ کیا ہے یہ کیسے ممکن ہے کہ اُس کے تھانے کا ایک اے ایس آئی اتنی بڑی واردات وہ بھی تھانے کے اندر کر جائے اور اُسے خبر نہ ہو۔ خبر نہیں تھی تب بھی بڑی غفلت ہے اور اگر تھی تو اُس پر ایکشن نہ لینا بھی ایک بڑی مجرمانہ کوتاہی تھی، تھانہ غلام آباد فیصل آباد میں بھی ایک اے ایس آئی پورے تھانے کا مالک نظر آتا ہے جو اپنی عدالت لگا کر فیصلے سناتا ہے اور ایس ایچ او کو خبر نہیں ہوتی۔

اب سوال یہ ہے پنجاب پولیس کو ہو کیا گیا ہے۔ یہ بے لگام فورس کیوں بن گئی ہے؟ اس میں تو کڑا احتساب ہوتا تھا اور کوئی بھی اہلکار کسی غفلت یا مجرمانہ سرگرمی میں مبتلا ہونے سے پہلے کئی بار سوچتا تھا۔ بعض لوگ کہتے ہیں پنجاب حکومت نے صوبے کو پولیس سٹیٹ بنا دیا ہے۔ میں اس بات کو نہیں مانتا، سیاسی معاملات کی حد تک تو حکومت احتجاج روکنے کے لئے پولیس کو استعمال کرتی ہے مگر ایسا نہیں کرسکتی کہ وہ پولیس کو کھلی چھوٹ دیدے کہ جو مرضی کرے، اس سے اس کی ساری اچھی کارکردگی ملیا میٹ ہوسکتی ہے یہ معاملہ کوئی اور ہے اور چین آف کمانڈ میں کوئی رخنہ آیا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے پولیس افسروں کا اردل روم کمزور ہو گیا ہے۔ اردل روم جہاں پولیس والوں کا کڑا احتساب ہوتا ہے کہ بڑی موثر روایت رہی ہے، ہر پولیس والے کو پتہ ہوتا ہے کوئی غلط کام کیا تو اردل روم میں افسر کے سامنے پیشی پڑ جائے گی مگر اب یہ خوف بھی جاتا رہا ہے، آخر کیوں؟

فن و ثقافت

کسی شخص کو برداشت نہیں کرسکتی جو زندگی میں آئے اور سب کچھ بدل دے، امیشا پٹیل

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی وڈ اداکارہ ایشا پٹیل نے شادی نہ کرنے کی وجہ بتادی۔ حال ہی میں ایشا پٹیل نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے مداحوں کے ساتھ سوال پوچھنے کے سیشن کا اہتمام کیا۔ اسی دوران ایک مداح کی جانب سے سوال پوچھا گیا کہ آپ شادی کب کررہی ہیں؟ اداکارہ نے مزاحیہ انداز میں جواب دیتے ہوئے لکھا کہ کبھی نہیں، میں اکیلے ہی بہت خوش ہوں، میرے پاس خاندان کے قریبی افراد اور دوستوں پر مشتمل 100 ایسے لوگ ہیں جو مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میں کسی ایک شخص کو برداشت نہیں کرسکتی کہ وہ میری زندگی میں آئے اور سب کچھ بدل دے۔

زینڈایا اور ٹام ہالینڈ کی برطانیہ کے لگژری ہوٹل میں خفیہ ویڈنگ پارٹی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹام ہالینڈ اور زینڈایا نے برطانیہ کے لگژری فائیو اسٹار ہوٹل میں شادی کی خوشی میں خفیہ ویڈنگ پارٹی رکھی۔ ہالی ووڈ اداکار ٹام ہالینڈ اور اہلیہ زنڈایا نے اپنی شادی کی خوشی میں 4 اگست کو برطانیہ کے علاقے سرے میں واقع فائیو اسٹار ہوٹل بیوربروک میں خاندان اور قریبی دوستوں کے لیے ایک نجی تقریب کا اہتمام کیا۔ شادی کی پارٹی میں ٹام ہالینڈ کے تینوں بھائی سام، ہیری اور پیڈی بھی شریک ہوئے جنہوں نے سیاہ ٹکسیڈو پہن رکھے تھے جن پر وائلڈ پھولوں کی سجاوٹ کی گئی تھی واضح رہے کہ زنڈایا اور ٹام ہالینڈ کی ملاقات اسپائیڈر مین فلم کی شوٹنگ کے دوران ہوئی تھی۔ طویل عرصے تک دونوں نے خود کو صرف اچھا دوست قرار دیا۔ بعدازاں 2025 میں ان کی منگنی کی تصدیق ہوئی اور 2026 کے شروع میں ہی دونوں نے خفیہ طور پر شادی کر لی اس جوڑے نے اب تک اپنی شادی کی تفصیلات عوامی سطح پر شیئر نہیں کیں۔ زنڈایا اس سے قبل کہہ چکی ہیں کہ وہ اپنی ذاتی زندگی کو نجی رکھنا چاہتی ہیں۔

بھارتی اداکارہ کا لرزہ خیز قتل

جسم کے ٹکڑے اور سر لاپتہ

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی شہر چنئی میں ایک ابھرتی ہوئی تامل اداکارہ کے قتل نے خوفناک تفصیلات کے باعث سنسنی پھیلا دی۔ مختلف بھارتی ویب سائٹس، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور پاکستان کی کچھ معتبر ویب سائٹس پر گزشتہ روز سے ایک خبر وائرل ہے جس میں بھارتی اداکارہ سندھیہ کے لرزہ خیز قتل کی تفصیلات درج ہیں۔ خبر کی تفصیلات کے مطابق پولیس کو کچرے کے ڈھیر کے قریب پلاسٹک کے تھیلوں سے انسانی اعضا ملے، جن کی شناخت بعد میں 37 سالہ اداکارہ سندھیہ کے طور پر ہوئی۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کی لاش کو قتل کے بعد تیز دھار آلے سے کئی حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

شوہر بچے کی پیدائش کے بعد بیوی کو محبت اور وقت دیں، روبینہ اشرف

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر پاکستانی اداکارہ و فلمساز روبینہ اشرف نے پریگنتسی کے بعد ہونے والے ڈپریشن (پوسٹ پارٹم ڈیپریشن) سے متعلق اپنے نظریات کا اظہار کیا۔ روبینہ اشرف حال ہی میں 'گڈ مارننگ پاکستان' میں بطور مہمان شریک ہوئیں، جہاں انہوں نے خواتین کی ذہنی صحت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "ماضی میں معاشرے میں حمل اور زچگی کے بعد ہونے والی ذہنی کیفیت کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا تھا اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ بچے کو جنم دینا ہر عورت کی ذمہ داری ہے، چاہے وہ اس مرحلے سے کس قدر مشکل حالات میں گزر رہی ہو۔" اداکارہ نے کہا کہ "حمل کے دوران عورت کی جلد، جسم اور مجموعی جسمانی کیفیت میں بڑی تبدیلیاں آتی ہیں جس کے باعث وہ خوشی کے ساتھ ساتھ شدید بے چینی اور ذہنی دباؤ کا بھی شکار ہوسکتی ہے۔ اگر اس دوران خاتون کی مناسب دیکھ بھال نہ کی جائے تو وہ شدید ڈپریشن میں جا سکتی ہے۔" روبینہ اشرف نے مزید کہا کہ "حمل سے لے کر زچگی کے بعد تک شوہر کی محبت، تعاون اور ہمدردی عورت کے لیے بے حد ضروری ہوتی ہے، کیونکہ اس مرحلے میں متعدد ذمہ داریوں کو سنبھالنا اس کے لیے انتہائی مشکل ہوسکتا ہے۔"

پاکستان میں شادی شدہ مردوں کو بھی ماں باپ پال رہے ہوتے ہیں: ندا یاسر

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی نامور میزبان ندا یاسر نے پاکستان میں شادی شدہ مردوں کو ماں باپ کی جانب سے ملنے والی مالی معاونت کی مخالفت کردی۔ ندا یاسر کا ایک کلپ سوشل میڈیا پر خاصہ وائرل ہے جس میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ماں باپ کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو خود مختار بنائیں اور ان کی شادیاں بھی تب ہی کریں جب وہ کمانے کے قابل ہوجائیں۔ میزبان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مغرب میں 14 سال کے بچے ہی کچھ نہ کچھ کام کرنا شروع ہوجاتے ہیں اور 18 سال کی عمر میں اپنے گھر کے کرائے، پڑھائی ان سب کے اخراجات خود اٹھاتے ہیں۔ ندا کا کہنا تھا ہمارے ہاں ایسا نہیں ہے، ماں باپ جب تک پال سکتے ہیں تب تک پالتے ہیں، یہاں پر الٹا نظام ہے یا تو چھوٹا بچہ جس کے کھیلنے کودنے کی عمر ہے وہ پورے گھرانے کو پال رہا ہوتا ہے یا 40، 50 سال کا آدمی بھی اپنے ابا کے پیسوں پر پل رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں یہ ٹرینڈ بالکل غلط ہے، اس کو آہستہ آہستہ تبدیل ہونے کی ضرورت ہے، ہمیں ضرورت ہے کہ بچوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کریں تا کہ ان کا مستقبل روشن دیکھ سکیں، صرف ڈگری دلانا یا ان کے اخراجات پورے کرنا ہمارے فرائض کا حصہ نہیں، انہیں صحیح سمت میں پرواز کروانا بھی ہمارا فرض ہے

بقیہ نمبر 1

لائن سہولت فراہم کرتا ہے۔تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر محتاج خان، ڈائریکٹر آئی ٹی سروسز، ڈاکٹر اصغر علی، کنٹرولر امتحانات، ریاض محمد، رجسٹرار، ڈاکٹر ظہور، ڈائریکٹر انڈر گریجویٹ اسٹڈیز، ڈاکٹر شاہ مسعود خان، ڈائریکٹر کیو ای سی، مختلف شعبہ جات کے ڈائریکٹرز، چیئرمین صاحبان، مسٹر عثمان رؤف اور ان کی آئی ٹی ٹیم، پیر اسفندیار (ایڈیشنل پرووسٹ)، محمد کاشف (لائبریرین)، یونیورسٹی کے افسران، اساتذہ، ملازمین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عابد فرید نے کہا کہ جدید جامعات کی ترقی کے لیے آٹومیشن اور ڈیجیٹلائزیشن ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی آف ہری پور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے شفافیت، موثر انتظامی نظام، بہتر گورننس اور طلبہ کو معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔وائس چانسلر نے اس منصوبے کی کامیاب منصوبہ بندی، موثر رابطہ کاری اور بروقت تکمیل پر ڈاکٹر اصغر علی، کنٹرولر امتحانات اور پروفیسر ڈاکٹر محتاج خان، ڈائریکٹر آئی ٹی سروسز کی خدمات کو خصوصی طور پر سراہا۔انہوں نے امتحانی سیکشن اور ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی سروسز کے تمام افسران و اہلکاروں، بالخصوص مسٹر عثمان رؤف اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر ڈاکٹر اصغر علی، کنٹرولر امتحانات نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے امتحانی سیکشن اور ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی سروسز کی پوری ٹیم کو اس اہم کامیابی پر مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ یہ آن لائن نظام طلبہ کو ٹرانسکرپٹس اور ڈگریوں کے اجراء کے عمل میں غیر معمولی سہولت فراہم کرے گا اور امتحانی خدمات میں شفافیت، رفتار اور معیار کو مزید بہتر بنائے گا۔تقریب کے اختتام پر وائس چانسلر نے امتحانی سیکشن اور ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی سروسز کے افسران و اہلکاروں میں ان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔یہ تقریب اس عزم کے اعادہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی کہ یونیورسٹی آف ہری پور مستقبل میں بھی جدید ڈیجیٹل سہولیات اور ٹیکنالوجی پر مبنی نظام متعارف کرواکر طلبہ کو بہترین تعلیمی و انتظامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بناتی رہے گی

بقیہ نمبر 2

بھی جاری، ملک بھر سے سیاح جشن آزادی منانے کیلئے مری کا رخ کر رہے ہیں اور یہاں کے دلفریب خنک موسم، قدرتی ماحول اور دلکش حسین نظاروں میں آزادی کی خوشیاں منائینگے، ڈپٹی کمشنر مری، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری، چیف ٹریفک آفیسر مری سمیت ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں ڈسٹرکٹ پولیس مری، سٹی ٹریفک پولیس اور دیگر تمام متعلقہ ادارے جشن آزادی کو جوش و خروش اور قومی جذبہ سے منانے کی تیاریوں میں مصروف ہیں، مال روڈ سمیت تمام بازار، ہوٹل، سرکاری اور نجی عمارتوں کو قومی پرچموں سے سجانے اور چراغاں کرنے کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا اور عوام میں بہت جوش و خروش دیکھا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 3

یوں نکلے، صارفین پریشان، لائن فالٹ، میٹر خرابی کی معمولی شکایت حل کیلئے بھی گھنٹوں کا انتظار کرایا جانے لگا، بار ہا شکایات کے باوجود بھی حکام ٹس سے مس نہ ہوئے۔ 118 پر شکایات کے باوجود کوئی جواب آیا نہ مسئلہ حل ہوا۔تفصیلات کے مطابق صارف ارسلان ارشد نے آئیسکو ترلائی سب ڈویژن کی حدود میں واقع اپنے گھر کے بجلی بند ہونے کی شکایت 6 اگست کو کروائی جس پر ٹریکنگ آئی ڈی بھی دی گئی لیکن دو دن گزرنے کے باوجود مسئلہ حل نہ کیا گیا کم عمر بچوں اور بزرگ افراد نے دو دن بغیر بجلی کے گزارے لیکن مسئلہ حل ہوا نہ کوئی رابطہ کیا گیا۔جبکہ بل پر دیئے گئے دفتر کے نمبر پر سے بھی کوئی جواب نہ آیا، معمولی مسائل حل میں بھی گھنٹوں کے انتظار سے صارفین عاجز آگئے جبکہ علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ بجلی کی بندش روز کا معمول بن گیا ہے جن میں ٹرانسفارمر ٹرپنگ سمیت لائن کٹ جانا عام ہے جس کے باعث لاکھوں کے برقی آلات کا نقصان بھی ہو چکا لیکن حکام کو شکایات کے باوجود معاملہ جوں کا توں ہے صارفین کا کہنا تھا کہ آئیسکو کی جانب سے فوری شکایات کے ازالے کے دعوے کیے جاتے ہیں، تاہم عملی طور پر شکایات کے حل میں کئی کئی گھنٹے اور بعض اوقات دن لگ جاتے ہیں۔بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے بنائے گئے نظام پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔شہریوں نے وزیراعظم، وزیر توانائی اور دیگر اعلیٰ حکام سے معاملہ پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔اس حوالے سے موقف جاننے کے لیے آئیسکو ترجمان سے رابطہ کیا گیا تاہم شاہی افسران نے فون تک نہ اٹھایا

بقیہ نمبر 4

کے دفتر جا کر شکایت درج کروائی۔جس پر ان کو کمپلین نمبر 23 ملا۔مگر واپڈا اہلکاروں نے شکایت پر کوئی کاروائی نہ کی۔دوسرے دن دوبارہ متعلقہ گلی کے رہائشی شکایت درج کروانے گئے تو ان کو کمپلین نمبر 35 ملا۔ایک دن اور ایک رات گزرنے کے بعد بھی جب ٹرانسفارمر پر توجہ نہ دی گئی تو ٹرانسفارمر جس کا نقص نہایت معمولی تھا۔مکمل طور پر جل گیا۔عوام علاقہ نے واپڈا کی بے حسی اور بے مروتی کی وجہ سے ایک دن اور ایک رات سخت گرمی میں تڑپ تڑپ کر گزارا ہے۔شہریوں نے حکام بالا سے درخواست کی ہے کہ خدارا واپڈا سب ڈویژن اڈیالہ کا قبلہ درست کیا جائے۔

بقیہ نمبر 5

کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے مختلف مقامات کا اچانک دورہ کیا، صفائی کے معیار کا تفصیلی معائنہ کیا گیا اور متعلقہ محکموں کو ہدایات دیں کہ بروقت صفائی کو یقینی بنایا جائے کسی قسم کی کوتاہی قابل برداشت نہیں ہوگی، انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ مری سیاحوں، شہریوں اور عوام کو صاف، ستھرا اور خوشگوار قدرتی ماحول برقرار رکھنے کیلئے تمام اقدامات کر رہی ہے

بقیہ نمبر 6

بشارت صدر چیمبر آف ایجوکیشن پاکستان، صدر اپیسا شمالی پنجاب ابرار احمد خان، صدر NAPS چوہدری محمد عبیداللہ، صدر پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک مقبول حسین ڈار، صدر PSCMA ملک نسیم احمد اور سابق ممبر بورڈ آف گورنرز و صدر اپیسا خواتین ونگ راولپنڈی ڈویژن مسز سکینہ تاج و پرائیویٹ ایجوکیشنل سوسائٹی کے رہنما راجہ خالد محمود شامل تھے۔وفد نے وفاقی وزیر کو فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (FBISE) کی جانب سے الحاق، انسپکشن، تجدید (رینیول)، سیکیورٹی اور دیگر متعلقہ فیسوں میں کئی گنا اضافے پر اپنے شدید تحفظات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے بالخصوص کم اور درمیانی فیس لینے والے نجی تعلیمی ادارے شدید مالی دباؤ کا شکار ہو جائیں گے۔وفد نے موقف اختیار کیا کہ نجی تعلیمی ادارے حکومت کے شراکت دار کی حیثیت سے لاکھوں بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کر رہے ہیں اور آئین پاکستان کے آرٹیکل 25-اے کے تحت تعلیم کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔نجی سکولوں کی اکثریت کم فیس والے اداروں پر مشتمل ہے، جہاں وصول کی جانے والی فیس کا بڑا حصہ اساتذہ کی تنخواہوں، عمارتوں کے کرایوں، یوٹیلیٹی بلز، تعلیمی وسائل اور دیگر آپریشنل اخراجات پر صرف ہو جاتا ہے۔موجودہ مہنگائی، بڑھتے ہوئے اخراجات، سوشل سیکیورٹی، EOBI، ٹیکسز اور دیگر قانونی ذمہ داریوں کے باعث سکول پہلے ہی شدید مالی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے میں FBISE کی فیسوں میں غیر معمولی اضافہ اداروں کے لیے ناقابل برداشت ہے۔وفد نے وفاقی وزیر سے مطالبہ کیا کہ FBISE کی بڑھائی گئی فیسوں کا فوری از سر نو جائزہ لیا جائے، غیر متناسب اضافے کو واپس لیا جائے یا نمایاں کمی کی جائے۔فیسوں میں اگر اضافہ ناگزیر ہو تو اسے مرحلہ وار اور مشاورت کے ذریعے نافذ کیا جائے، جبکہ کم فیس والے سکولوں کے لیے خصوصی رعایتی فیس کا نظام متعارف کرایا جائے۔مزید برآں نجی تعلیمی اداروں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی اور آپریشنل اخراجات کے پیش نظر سالانہ بنیادوں پر کم از کم 10 فیصد تک مناسب فیس ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دی جائے تاکہ وہ تعلیمی معیار اور مالی استحکام برقرار رکھ سکیں۔وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے وفد کے موقف کو توجہ سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ نجی تعلیمی اداروں کے جائز تحفظات اور سفارشات کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے گا تاکہ ایسا متوازن اور منصفانہ حل نکالا جا سکے جو طلبہ، والدین، نجی تعلیمی اداروں اور قومی تعلیمی نظام، سب کے بہترین مفاد میں ہو۔آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ وزارت تعلیم نجی تعلیمی اداروں کو قومی تعلیمی ترقی میں حقیقی شراکت دار تسلیم کرتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ نمبر 7

ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا جبکہ پولیس اہلکار بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہے۔اسلام آباد پولیس کے ترجمان کے مطابق عدنان علی اور اس کی بیوی پارس بی بی راہ چلتی خاتون سے پرس چھیننے کے مقدمے میں گرفتار تھے۔پولیس ٹیم زیر حراست ملزم عدنان علی کی نشاندہی پر برآمدگی کے بعد اسے واپس لے کر جا رہی تھی کہ راستے میں چھپے اس کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔فائرنگ کے دوران عدنان علی اپنے ہی ساتھیوں کی گولی لگنے سے زخمی ہو گیا جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران راہ چلتی خاتون سے چھینے گئے دو موبائل فون برآمد کر لیے گئے جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور غیر قانونی پستول بمعہ ایمونیشن بھی قبضے میں لے لیا گیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم ضلع راولپنڈی میں ڈکیتی اسٹریٹ کرائم اور چوری کی درجنوں وارداتوں کا سابقہ ریکارڈ رکھتا ہے۔ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 8

، جس سے بڑے مالی نقصان کا خدشہ ل گیا۔آگ بجھانے کے بعد فائر فائٹنگ ٹیموں نے کولنگ آپریشن بھی کامیابی سے مکمل کیا تاکہ دوبارہ آگ بھڑکنے کا امکان ختم کیا جا سکے۔ریسکیو 1122 کے مطابق واقعے میں کسی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی جبکہ آگ لگنے کی وجہ جاننے کیلئے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 9

ڈویلپمنٹ، چیف آفیسر ضلع کونسل، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن، منیجنگ ڈائریکٹر پی ایچ اے اور منیجر آپریشن پنجاب میٹرو بس اتھارٹی سمیت متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں راولپنڈی کے دس میٹرو بس اسٹیشنز، میٹرو روٹ اور پلازز کی خوبصورتی، تزئین و آرائش اور شہری ماحول کو مزید دلکش بنانے کے لیے مختلف تجاویز اور عملی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر گرین بیلٹس، پلانٹیشن، جدید شہری ڈیزائن اور تزئین و آرائش کے منصوبوں پر بھی غور کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے پی ایچ اے کو ہدایت کی کہ میٹرو اسٹیشنز اور پلازز کے اطراف شجرکاری اور خوبصورت پودوں کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہو اور شہریوں کو خوشگوار ماحول میسر آئے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو یہ بھی ہدایت کی کہ میٹرو پلازز پر جدید ڈیجیٹل ایڈورٹائزمنٹ اسکرینز کی تنصیب کے لیے قابل عمل منصوبہ تیار کیا جائے تاکہ شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ جدید شہری انفراسٹرکچر کو بھی فروغ دیا جا سکے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ راولپنڈی کو صاف، سرسبز اور خوبصورت شہر بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے ایسے منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد یقینی بنائیں جو شہر کے حسن میں اضافہ اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوں

بقیہ نمبر 10

کامرس اینڈ انڈسٹری (آر سی سی آئی) کے وفد، عام عوام مختلف یونیورسٹیوں کے طلبہ اور 34 ہاسنگ سوسائٹیز کے نمائندوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجلاس کی صدارت چیف منیجر اسٹیٹ بینک راولپنڈی، جناب رضوان ظلیل شمسی نے کی۔اپنے افتتاحی خطاب میں انہوں نے بینکوں کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس اسکیم کے فروغ اور فعال شرکت میں بینکوں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔انہوں نے ڈویلپرز اور ہاسنگ سوسائٹیز کو مشورہ دیا کہ وہ سستے اور پائیدار مکانات کی فراہمی کے لیے بلند عمارتوں پر مشتمل رہائش (Vertical Housing) کو فروغ دیں۔ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ چند سالوں میں شہروں کے جنگلات اور گرین بیلٹس کو ہاسنگ سوسائٹیز میں تبدیل کیا گیا ہے، جس سے ماحولیاتی چیلنجز پیدا ہوئے ہیں، اس لیے ماحولیاتی (Vertical Urbanization) تحفظ اور کم لاگت مکانات کا بہترین حل ہے۔چیف منیجر نے مختلف ممالک میں کامیاب ماڈلز کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ کم لاگت مکانات کے حوالے سے دیگر معیشتوں میں موثر پالیسیاں موجود ہیں، جنہیں مقامی ضروریات کے مطابق ڈھالا جا سکتا ہے۔اجلاس کے دوران کمرشل بینکوں نے دستاویزات (Documentation) سے متعلق مسائل پر تفصیلی گفتگو کی، جبکہ ہاسنگ سوسائٹیز کو بینکوں کی جانب سے اسکیم کی خصوصیات سے آگاہ کیا گیا تاکہ وہ اپنے صارفین کو بہتر طریقے سے برانڈنگ فراہم کر سکیں۔بینکوں نے آر ڈی اے میں اس اسکیم کے لیے ون ونڈو آپریشن کی سفارش کی تاکہ دستاویزات کا عمل آسان اور تیز ہو سکے۔اس کے علاوہ ریونیو اتھارٹیز اور آر ڈی اے سے نامزد فوکل پرسنز کی تعیناتی پر بھی زور دیا گیا تاکہ پروسیسنگ کو ہموار بنایا جا سکے۔اجلاس میں مارگیج (Mortgage) اور لین مارکنگ (Lien Marking) سے متعلق مسائل پر بھی کھل کر بات کی گئی اور تمام اسٹیک ہولڈرز نے اپنی تجاویز اور مسائل شیئر کیے۔اس موقع پر سینئر ڈپٹی چیف منیجر جناب عمر صدیق خٹک نے مستقبل قریب میں ہونے والے اعلیٰ سطحی پروگرامز اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا اعلان کیا، جو اس اسکیم کو فروغ دینے اور درپیش مسائل کے حل کے لیے سفارشات ترتیب دے گا۔شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ راولپنڈی کو پورے پاکستان کے لیے کم لاگت ہاسنگ کا ماڈل شہر بنایا جائے گا۔اجلاس کے شرکا نے بینک دولت پاکستان، راولپنڈی کا اس بیٹھک اور جامع اجلاس کے انعقاد پر شکریہ ادا کیا اور اسے کامیاب قرار دیا۔

بقیہ نمبر 11

سنت پاکستان شیخ الحدیث علامہ پیر سید حسین الدین شاہ داعی اجل کو لبیک کہہ گئے عاشقان غلاماں رسول کے چیئرمین حاجی نعیم چوہدری نے سید حسین الدین شاہ کی رحلت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی اور کہا کہ راولپنڈی ایک عظیم شخصیت سے محروم ہو گئی ہے انہوں نے بتایا کہ مرحوم کی نماز جنازہ آج ہفتہ، 8 اگست 2026 شام 5:00 بجے سلطان پور شریف، ہروئی والا، تحصیل حسن ابدال، ضلع اٹک میں ادا کی جائے گی

بقیہ نمبر 12

شہزاد ٹاؤن اور سہالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں 9 ملزمان کو گرفتار کیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے

بقیہ نمبر 13

اجمل خان، گروپ لیڈر محمد سلیمان، سرپرست اعلیٰ ملک فاروق، جنرل سیکرٹری جواد لودھی ایڈیشنل، جنرل سیکرٹری کامران بٹ، نفاشیشن سیکرٹری حاجی اکرم، ایگزیکٹو ممبر عاطف شاہ، ذوہل ہیڈ ملک جہانگیر، ملک اور دیگر تاجران نے شرکت کی تقریب آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا اور ملک حارث خان کے کاروبار اور ملک پاکستان کے لیے دعا کی افتتاح مرکزی انجمن تاجران گولمنڈی صدر حاجی اجمل خان، گروپ لیڈر محمد سلیمان، جنرل سیکرٹری جواد لودھی ملک حارث علی خان نے کیا اور بن طارق ٹریڈرز کے سی او ملک حارث علی خان اور ان کی پوری ٹیم مبارکباد کو دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 14

میں صفائی کے دوران اس وقت پیش آیا جب واسا کی نجی کمپنی کے ملازمین گٹروں کی صفائی کر رہے تھے۔ریسکیو 1122 نے صدر تانگہ اڈا کے قریب مین ہول سے دونوں ملازمین کی لاشیں نکال لیں، جاں بحق افراد میں لاہور کا رہائشی 24 سالہ کاشف علی اور اوکاڑہ کا رہائشی 26 سالہ عابد علی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 15

میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔زونل ایس پیز کی زیر نگرانی پولیس ٹیموں نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیے۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے۔ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز جاری رہیں گے۔اسلام آباد پولیس کے مطابق جرائم پیشہ عناصر قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 16

شہر میں ڈاکٹر کے طور پر رہ رہا تھا۔نیو انڈین ایکسپریس کی رپورٹ کے مطابق یہ گرفتاری مدھیہ پردیش کے ایک دور افتادہ علاقے سے کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 17

عاصم شہزاد نے ہدایت کی کہ تمام مقدمات کے چالان جلد از جلد عدالتوں میں جمع کرائے جائیں، تفتیش قانون کے مطابق کی جائے اور مضبوط شواہد اکٹھے کیے جائیں تاکہ شفاف ٹرائل اور ملزمان کی سزا کو یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ یہ وزیراعلیٰ پنجاب اور پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے وژن کے مطابق بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے ضروری ہے۔اے ایس پی گوجر خان سید دانیال نے ایس ایچ اوز کو ہدایت کی کہ وہ اہم مقدمات کی تفتیش کے دوران پبلک پراسیکیوٹر سے مسلسل رابطے اور قانونی مشاورت کو یقینی بنائیں۔اجلاس میں ایس ایچ او تھانہ گوجر خان سب انسپکٹر محمد رفیق، ایس ایچ او تھانہ جاتلی انسپکٹر فرخ صغیر بھٹی اور ایس ایچ او تھانہ مندرہ انسپکٹر سید ذکاء اللہ نے یقین دہانی کرائی کہ تمام زیر التواء چالان جلد از جلد عدالتوں میں جمع کرائے جائیں گے۔پبلک پراسیکیوٹر عاصم شہزاد نے پولیس افسران کو ہر ممکن قانونی معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔

بقیہ نمبر 18

کے دوران متعدد موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں کا انکشاف کیا ہے جبکہ ان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل چوری اور راہزنی میں ملوث ملزمان کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں جس کے باعث وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کے واقعات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید موثر بنایا جائے اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

بقیہ نمبر 19

اسٹیئرنگ جاوید انتظار، اور آرگنائزر AAI راجہ خالد نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ ستمبر میں رکنیت اور تنظیم سازی تیز کر دیں گے۔تحقیق اور تنظیم کے منشور پر عملداری کرنے والے سکول/ کالج مالکان کو اہم ذمہ داری اور عہدے دیں گے

بقیہ نمبر 20

شعبے سے وابستہ طلبہ اور ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کو جدید طبی تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے انہیں مصنوعی ذہانت پر مبنی عالمی نظام صحت کے لیے تیار کرنا ہے۔ایک ماہ پر مشتمل ویک اینڈ سرٹیفکیٹ پروگرام کے آغاز پر میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طلبہ، نوجوان ڈاکٹروں اور دیگر ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔شرکاء نے پروگرام میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا کیونکہ جدید طبی خدمات میں مصنوعی ذہانت سے متعلق مہارتیں تیزی سے ناگزیر ہوتی جا رہی ہیں۔افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر تنویر خالق تھے۔انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے اور اسلام آباد میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج نے پاکستان میں طبی تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ایک دور اندیش اور قابل تحسین قدم اٹھایا ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں طبی تعلیم تیزی سے مصنوعی ذہانت کی جانب بڑھ رہی ہے اور یہ اشتراک مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ طبی افرادی قوت کی تیاری کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔یہ پروگرام برطانیہ کی السٹر یونیورسٹی، بیلفاسٹ کے فیکلٹی اراکین نے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عثمان ہادی کی سربراہی میں تیار کیا ہے۔اس کا نصاب برطانیہ، امریکہ اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے صحت کے نظام کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جی اے کے ہیلتھ کیئر انٹرنیشنل کے گروپ چیف ایگزیکٹو آفیسر یاسر خان نیازی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت صحت کے شعبے میں بنیادی نوعیت کی تبدیلی لا رہی ہے اور آنے والے دور کے طبی ماہرین کے لیے یہ ایک لازمی مہارت بن چکی ہے۔یاسر خان نیازی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اب صحت کے شعبے کا مستقبل نہیں بلکہ موجودہ حقیقت بن چکی ہے۔آنے والے وقت میں قیادت وہی طبی ماہرین کریں گے جو اعلیٰ طبی مہارت کے ساتھ ڈیجیٹل صلاحیتوں اور مصنوعی ذہانت سے ہم آہنگ علم بھی رکھتے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک آغاز ہے۔اسلام آباد میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج مستقبل میں مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل میڈیسن اور دیگر جدید شعبوں میں عالمی معیار کے مزید سرٹیفکیٹ پروگرام متعارف کرائے گا، جبکہ بتدریج انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طبی تعلیم میں مصنوعی ذہانت کو بھی شامل کیا جائے گا تاکہ فارغ التحصیل طلبہ تیزی سے ٹیکنالوجی پر مبنی عالمی نظام صحت کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہتے ہوئے بین الاقوامی سطح پر موثر انداز میں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکیں۔عالمی ادارۂ صحت کے مطابق مصنوعی ذہانت صحت کے نظام کو مزید مضبوط بنانے، طبی فیصلوں کے معیار کو بہتر بنانے اور معیاری طبی سہولیات تک رسائی بڑھانے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہے، بشرطیکہ اسے ذمہ دارانہ انداز میں بروئے کار لایا جائے۔اسی تناظر میں یورپ، خصوصاً برطانیہ سمیت دنیا کے متعدد ترقی یافتہ ممالک مصنوعی ذہانت سے ہم آہنگ طبی افرادی قوت کی تیاری پر بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔توقع ہے کہ اس پروگرام کے ذریعے شرکاء نہ صرف کلینیکل مصنوعی ذہانت کی عملی مہارتیں حاصل کریں گے بلکہ پاکستان میں ڈیجیٹل طور پر بااختیار اور عالمی معیار کی طبی افرادی قوت کی تیاری میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 21

کھنہ سے معروف سیاسی و سماجی شخصیت راجہ زاہد دھنیال کو حلقہ این اے-48 اسلام آباد کے لیے فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا ہے۔وہ رکن قومی اسمبلی راجہ خرم نواز کے فوکل پرسن کی حیثیت سے عوامی مسائل کے حل، عوامی رابطوں اور ترقیاتی امور کی نگرانی سمیت مختلف ذمہ داریاں انجام دیں گے راجہ زاہد دھنیال کھنہ اور ملحقہ علاقوں میں اپنی سماجی و عوامی خدمات اور تعمیر و ترقی کے لیے کی جانے والی کاوشوں کے باعث ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں انہیں اس سے قبل سوہان زون کی پولیس مصالحتی کمیٹی کی ذمہ داری بھی سونپی جا چکی ہے جہاں وہ عوامی تنازعات کے خوش اسلوبی سے حل کے لیے خدمات انجام دے رہے ہیں عوامی و سماجی حلقوں نے راجہ زاہد دھنیال کی بطور فوکل پرسن تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ اس فیصلے سے حلقے میں عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی کاموں کی رفتار مزید بہتر ہوگی

بقیہ نمبر 22

اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستان تحریک صوبہ ہزارہ کے چیئرمین سردار گوہر زمان کڑلال، صدر سلطان العارفین جدون، نائب صدر سردار یاسر خان کڑلال، جنرل سیکرٹری تحصیل لورہ سردار سجاد احمد ہزاروی، سردار ممریز کڑلال، صدر راولپنڈی اسلام آباد سبحان قریشی، سردار غلام مصطفیٰ کڑلال، سردار جاوید بابا کڑلال، صدر تحصیل لورہ پیر بابر خان منہاس اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ ہزارہ کے عوام نے صوبہ ہزارہ کے مطالبے کے لیے طویل جدوجہد اور قربانیاں دی ہیں۔رہنماؤں کا کہنا تھا کہ بابا حیدر زمان نے ہزارہ تحریک کی بنیاد رکھی اور ان کی قیادت میں ہزارے وال عوام نے اپنے حقوق کے لیے بھرپور آواز بلند کی۔ان کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کے نام کی تبدیلی کے وقت ہزارہ کے عوام اور تحریک کی قیادت سے مناسب مشاورت نہیں کی گئی، جس کے بعد صوبہ ہزارہ کے قیام کی جدوجہد مزید منظم ہوئی۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں مختلف سیاسی جماعتوں اور عناصر کی جانب سے تحریک صوبہ ہزارہ کو کمزور کرنے کی کوششیں کی گئیں، تاہم کارکنوں کی جدوجہد کے نتیجے میں یہ تحریک آج بھی موجود ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بابا حیدر زمان کے انتقال کے بعد تحریک کو نقصان پہنچا اور بعض عناصر نے تحریک کے نام کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا۔تحریک کے رہنماؤں نے مسلم لیگ ن کے رہنماؤں، خصوصاً کیپٹن صفدر، مرتضیٰ جاوید عباسی اور سردار محمد یوسف سے مطالبہ کیا کہ اگر وہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے سنجیدہ ہیں تو اپنی جماعتی قیادت کو پارلیمنٹ میں اس مطالبے کی حمایت پر آمادہ کریں۔انہوں نے کہا کہ صرف پریس کانفرنسوں اور بیانات سے مسئلہ حل نہیں ہوگا بلکہ عملی طور پر قانون سازی کی ضرورت ہے۔رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ ہزارہ ڈویژن قدرتی وسائل اور معدنیات سے مالا مال ہونے کے باوجود علاقے کے عوام کو ان کے وسائل کا مناسب فائدہ نہیں مل رہا۔انہوں نے کہا کہ ہزارہ کے نوجوان روزگار کے بہتر مواقع نہ ہونے کے باعث بیرون ملک جانے پر مجبور ہیں، جبکہ علاقے کے منتخب نمائندوں کو پارلیمنٹ میں عوام کے مسائل زیادہ موثر انداز میں اٹھانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے ایوبیہ چیئر لفٹ کی طویل عرصے سے بندش پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چیئر لفٹ کی بندش سے سیاحت کے شعبے اور مقامی لوگوں کے روزگار کو نقصان پہنچ رہا ہے۔حکومت اسے فوری طور پر بحال کرے تاکہ علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ اور مقامی معیشت کو سہارا مل سکے۔رہنماؤں نے کہا کہ ہزارہ کے عوام نے قیام پاکستان کے وقت بھی نمایاں کردار ادا کیا اور آج بھی ملک سے اپنی وابستگی پر فخر کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ہزارہ کی جغرافیائی اہمیت اور سی پیک سمیت مختلف قومی منصوبوں میں اس کے کردار کے پیش نظر علاقے کے عوام کے مطالبات کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے پارلیمانی اور آئینی عمل شروع کیا جائے اور ہزارہ کے عوام کو ان کی موثر سیاسی و انتظامی نمائندگی فراہم کی جائے۔

بقیہ نمبر 23

، محمد اسد ستی، رخسار عباسی، مظہر عباسی، عمر عباسی ایڈووکیٹ، توقیر حفیظ عباسی، روزیل ستی سمیت سیاسی و سماجی شخصیات اور پیپلز پارٹی کے کارکنان نے شرکت کی۔شرکاء نے مرحومہ فوزیہ حبیب کی جمہوری جدوجہد اور عوامی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا کی۔

بقیہ نمبر 24

ضرور یہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ دودھ میں کیمیکل اور دیگر مضر اجزا شامل کر کے عوام کو فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے گی۔شہریوں کی صحت سے کھیلنے اور ملاوٹ شدہ اشیائے خورد و نوش فروخت کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ذیشان بجرانی نے مزید کہا کہ پنڈوریاں اور برما ٹاؤن میں رہائشی مکانات کو غیر قانونی طور پر کمرشل سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے والے عناصر کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی جائے گی۔رہائشی عمارتوں میں قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کمرشل ایکٹیویٹیز جاری رکھنے والوں کو قانون کے مطابق جواب دینا ہوگا۔علاقہ مجسٹریٹ نے واضح کیا کہ گرانفروشی، ناجائز منافع خوری، مہنگی روٹی کی فروخت، کیمیکل ملے دودھ اور رہائشی علاقوں میں غیر قانونی کمرشل سرگرمیاں کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی۔خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔واضح رہے کہ شہر نامہ نے پنڈوریاں اور برما ٹاؤن میں مذکورہ مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ انتظامیہ کی توجہ اس جانب مبذول کرائی تھی جس کے بعد علاقہ مجسٹریٹ ذیشان بجرانی نے کارروائی کا عندیہ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

لیے مشترکہ جدوجہد پر یقین رکھتی ہے۔نومنتخب آرگنائزر رائے اے بلوچستان جواد تیغی نے اپنی تعیناتی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جلد بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آزاد عوام تحریک کی رکنیت اور تنظیم سازی شروع کروں گا۔پہلے مرحلے میں گیارہ رکنی آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دوں گا۔میری اولین ترجیح بلوچستان کے نوجوان طبقے کو تعلیم یافتہ بنانے کی جدوجہد کرنا ہے۔تعلیم شعور کی بنیاد ہے۔دوسرے مرحلے پر اجتماعی عوامی مسائل کے حل کے لیے رائے عامہ منظم کروں گا۔وقت ثابت کرے گا کہ آزاد عوام تحریک بلوچستان کے لوگوں کے دل کی آواز بن جائے گی

بقیہ نمبر 26

میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی رہنماؤں، وکلائی، تاجروں، ماہرین تعلیم، صحافیوں سمیت اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی، دریں اثناء تعزیتی ریفرنس میں سینئر پروڈیوسر ریٹائرڈ ریڈیو پاکستان اور ماہر تعلیم ڈاکٹر سید ظہیر حیدر جعفری، سید زین حیدر جعفری اور ضمیر حیدر نے سلیم بٹ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماں باری تعالیٰ کا انمول تحفہ ہے جس کا کوئی متبادل ہو ہی نہیں سکتا، دعا ہے اللہ پاک مرحومہ کو جنت میں اعلیٰ مقام اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے

بقیہ نمبر 27

ساتھ مختلف شعبہ جات کے وژن اور مشن اسٹیٹمنٹس کو بھی پیش کیا گیا۔مزید برآں، متعدد اہم پالیسیوں کی منظوری دی گئی، جن کا مقصد تدریسی، تحقیقی اور انتظامی نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔ڈیجیٹل دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام پروگرامز میں مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلی جنس) کے انضمام کی اصولی منظوری دی گئی، جس کا مقصد طالبات کو مستقبل کی مہارتوں سے آراستہ کرنا اور انہیں عالمی مسابقت کے قابل بنانا ہے۔خصوصی طلبہ کے لیے سہولیات میں بہتری اور کیمپس انفراسٹرکچر کی مرحلہ وار اپ گریڈیشن پر بھی زور دیا گیا، تاکہ ایک جامع، قابل رسائی اور معاون تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی کے لیے تربیتی پروگرامز اور کپیسٹی بلڈنگ اقدامات کی منظوری بھی دی گئی، جن کے ذریعے تدریسی معیار کو عالمی معیارات کے مطابق مزید بلند کیا جائے گا۔مزید برآں، مختلف تعلیمی و انتظامی پالیسیوں کا جائزہ لیتے ہوئے ان میں ضروری ترامیم اور منظوری بھی دی گئی تاکہ ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔اس کے ساتھ ساتھ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی فارغ التحصیل طالبات کو یونیورسٹی میں خصوصی انٹرنشپ دینے کی منظوری دی گئی۔اکیڈمک کونسل نے بی ایس سافٹ ویئر انجینئرنگ پروگرام کے اجراء کی منظوری بھی دی، جبکہ فیکلٹی آف کمپیوٹنگ کے قیام کی تجویز پیش کی گئی، جو یونیورسٹی میں جدید ٹیکنالوجی، اے آئی اور کمپیوٹنگ علوم کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی تعلیمی معیار، تحقیق اور جدت پر مبنی ایک مضبوط تعلیمی ماڈل کے قیام کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ادارہ نہ صرف قومی بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنی شناخت کو مستحکم کرے گا۔اجلاس کے اختتام پر اس بات پر زور دیا گیا کہ منظور شدہ اصلاحات کے موثر نفاذ کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے گی تاکہ طالبات کو جدید، معیاری اور مستقبل سے ہم آہنگ تعلیم فراہم کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 28

میں گھوڑا گلی مری میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں معروف سیاسی شخصیت راجہ عتیق سرور، مسلم لیگ ن ضلع مری کے صدر راجہ محمد دفتر عباسی جنرل سیکرٹری حقنواز عباسی، صدر MUJ طفیل عباسی، راجہ اسامہ فاروق، جنید فاروق، راجہ ایاز سرور، راجہ ہارون مشتاق، صدر لیبر ونگ ن مری عبدالوحید عباسی، صدر لیبر ونگ مری سٹی یعقوب بٹ، صدر انجمن تاجران سہراب عباسی چیئرمین مرکزی انجمن تاجران مری مرزا سہیل بیگ، نائب صدر راجہ زاہد اسماعیل، عباسی، نائب صدر ایمپلائز یونین طاہر عباسی، راجہ مسعود آصف، ڈاکٹر ابرار عباسی، جلیل اختر ایڈووکیٹ، ٹیکس سپریڈنٹ عمران عباسی، نور محمد خان، شفاقت مقبول عباسی کے علاوہ کثیر تعداد میں مذہبی، سیاسی، سماجی، کاروباری، صحافتی شخصیات، اہلیان مری، اسلام آباد، راولپنڈی، ہزارہ، دیگر علاقوں کے عمائدین اور عزیز و اقارب نے شرکت کی اور دعا کی کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائیں آمین، ثم آمین۔

بقیہ نمبر 29

کو آمدورفت میں مشکلات اور ٹریفک جام کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ٹریفک سگنلز کی خرابی کے باعث چوک میں گاڑیوں کی آمدورفت کو منظم کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے اور مصروف اوقات میں ٹریفک کا دباؤ مزید بڑھ جاتا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ سی او ڈی چوک اہم شاہراہ ہونے کے باعث یہاں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہے، مگر طویل عرصہ گزرنے کے باوجود سگنلز کی مرمت نہ ہونا متعلقہ اداروں کی غفلت کا باعث بن رہا ہے شہریوں نے اعلیٰ حکام اور متعلقہ ٹریفک انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سی او ڈی چوک کے خراب ٹریفک سگنلز کا فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں ہنگامی بنیادوں پر درست کیا جائے تاکہ ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کا خاتمہ اور شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات دلائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 30

تھے۔نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے کوارٹر میں کوریا نے شاندار آغاز کرتے ہوئے ابتدائی منٹوں میں ہی دو گول سکور کر دیئے۔میچ کے تیسرے اور پانچویں منٹ میں بالترتیب شرٹ نمبر 08 (Rim Jinkang) اور شرٹ نمبر 28 (Kim Hyeonhong) نے پینلٹی کارنرز کے ذریعے گول اسکور کر کے کوریا کو 0-2 کی برتری دلائی۔دوسرے کوارٹر میں پاکستان کی جانب سے میچ کے 19ویں منٹ میں شرٹ نمبر 09 محمد احمد نے ایک خوبصورت فیلڈ گول اسکور کر کے اسکور 1-2 کیا۔ہاف ٹائم تک کوریا کو 1-2 سے برتری حاصل تھی۔تیسرے کوارٹر میں کوریا نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور مسلسل 3 پینلٹی کارنرز گول کیے۔ 37ویں اور 40ویں منٹ میں شرٹ نمبر 15 (Lim Dohyun) جبکہ 42ویں منٹ میں شرٹ نمبر 28 (Kim Hyeonhong) نے گول اسکور کر کے برتری 1-5 کر دی۔چوتھے کوارٹر میں پاکستان کے شرٹ نمبر 07 غلام مصطفیٰ نے 43ویں منٹ میں فیلڈ گول کر کے اسکور 2-5 کیا۔تاہم 54ویں منٹ میں کوریا کے شرٹ نمبر 10 (Kim Yong Bok) نے ایک اور فیلڈ گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح 2-6 سے یقینی بنا دی۔واضح رہے پاکستان ٹیسٹ سیریز 0-3 سے پہلے ہی جیت چکا ہے۔چوتھا میچ انڈر 21 کی ٹیم نے کوریا کے خلاف کھیلا۔قومی ٹیم کی پرفارمنس کو شائقین ہاکی نے بے حد سراہا

بقیہ نمبر 31

رپورٹس کے مطابق یہ سرگرمی چانگ ننگ اور شون چانگ کے قریب ریکارڈ ہوئی۔مختلف زلزلہ پیما اداروں کی ابتدائی ریڈنگ میں شدت تقریباً 1.5 سے 3.5 کے درمیان بتائی گئی ہے لہٰذا حتمی شدت میں معمولی فرق ممکن ہے۔زلزلہ زمین کے اندر آنے والی ٹیکٹونک سرگرمی سے متعلق ہے۔ابتدائی اطلاعات میں بڑے پیمانے پر جانی یا مالی نقصان کی مصدقہ اطلاع سامنے نہیں آئی۔سچوان چین کے ان علاقوں میں شامل ہے جہاں زلزلے نسبتاً زیادہ آتے ہیں۔یہ خطہ تبتی سطح مرتفع اور یوریشین پلیٹ کے پیچیدہ ٹیکٹونک دباؤ کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے زیادہ حساس سمجھا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 32

رہنماؤں و کارکنوں کی بھرپور شرکت، للکار جمعیۃ مفتی کفایت اللہ صاحب اور مولانا محبوب الرحمن قریشی کے زبردست خطابات نے کارکنوں کا لہو گرمایا جبکہ شرکاء کا جوش و خروش دیدنی تھا، ضلع کی جماعت کا جے یو آئی لوئر بیلٹ یوسیز کے امراء و نظماء و جماعتی کارکنوں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین، قائد کوہسار مولانا قاری سیف اللہ سیفی زید مجدہ، سیکرٹری جنرل جے یو آئی ضلع مری ندیم اخلاص عباسی، امیر جے یو آئی تحصیل مری قاری راشد نواز عباسی اور سیکرٹری جنرل تحصیل مری مولانا فرید احمد عباسی نے لوئر بیلٹ یوسیز کے امراء و نظماء کے ہمراہ قیادت کے فرائض سر انجام دیئے، سیمینار ہر اعتبار سے نہایت کامیاب اور تاریخی تھا، ہال جمعیت کے نعروں سے گونجتا رہا جبکہ کارکنوں کا نظم و ضبط اور جوش و خروش دیدنی تھا، اس موقع پر فخر جمعیت، اسیر ختم نبوت حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ حفظہ اللہ نے اپنے فکر انگیز اور مدلل خطاب میں دینی اقدار، ملی یکجہتی اور موجودہ حالات میں علماء و عوام کے کردار پر زبردست روشنی ڈالی، محبوب العلماء حضرت مولانا محبوب الرحمن قریشی نے اپنے پرمغز خطاب میں عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت اور تنظیم کی عملی و فکری تربیت کے حوالے سے پرمغز خطاب کیا جبکہ قائد کوہسار مولانا قاری سیف اللہ سیفی مدظلہ نے اپنے خطاب میں کوہسار کی غیور عوام کو نظریہ کے ساتھ عملی وابستگی کا خوبصورت پیغام دیا، سیمینار کی سرپرستی قاعد کوہسار امیر ضلع حضرت مولانا قاری سیف اللہ سیفی اور امیر تحصیل حضرت مولانا قاری راشد نواز عباسی نے کی، صدارت سیکرٹری جنرل ضلع ندیم اخلاص عباسی اور تحصیل سیکرٹری حضرت مولانا فرید احمد عباسی نے کی، اس موقع پر مقررین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تحفظ ختم نبوت، استحکام پاکستان اور دینی اقدار کے فروغ کے لیے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھی جائے گی، تقریب کے اختتام پر منتظمین نے تمام معزز مہمانوں، علماء کرام، کارکنان، میڈیا نمائندگان اور بالخصوص علاقے کے عوام کا ان کی بھرپور شرکت، تعاون اور کامیاب انتظامات پر شکریہ ادا کیا، جے یو آئی ضلع مری کے تمام کارکنوں نے یوسی پھگواڑی، سہر بگلہ، پوٹھہ اور دیول کے امراء و نظماء اور جملہ جماعتی وابستگان کو خوبصورت پروگرام کے انعقاد پر زبردست خراج تحسین پیش کیا

بقیہ نمبر 33

اجلاس میں منظور کی گئی قراردادوں کے مطابق شرکاء نے مطالبہ کیا کہ تھانہ کھنہ کے تمام عملے سمیت ایس ایچ او کو فوری طور پر معطل کر کے نئی ٹیم تعینات کی جائے۔شرکاء نے موقف اختیار کیا کہ تھانہ کھنہ کی حدود میں منشیات فروشی جوئے کے اڈوں غیر قانونی سرگرمیوں اسٹریٹ کرائم قتل ڈکیتی چوری اور دیگر جرائم میں مسلسل اضافہ عوام کے جان و مال کے لیے شدید خطرہ بن چکا ہے۔جرائم کے خاتمے کے لیے فوری اور موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سے مطالبہ کیا گیا کہ کھنہ صنم چوک گارڈن ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں قائم سرکاری ٹیوب ویلوں کو فعال بنانے کے لیے فوری طور پر نئی پائپ لائنیں بچھائی جائیں تاکہ علاقے میں جاری پانی کے بحران پر قابو پایا جا سکے شرکاء نے سی ڈی اے سے مطالبہ کیا کہ کری روڈ قبرستان کی چار دیواری کے ساتھ متبادل سروس روڈ کی تعمیر بلا تاخیر شروع کی جائے تاکہ شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولت میسر آ سکے۔اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر نیلور سیف الاسلام سے مطالبہ کیا گیا کہ کھنہ بلال ٹاؤن اور برما ٹاؤن میں قائم تمام غیر قانونی تجاوزات کے خلاف فوری آپریشن کیا جائے اور عوامی راستوں کو بحال کیا جائے۔اسی طرح ایس ڈی او آئیسکو کھنہ سے مطالبہ کیا گیا کہ علاقے میں بجلی کے ناقص نظام بار بار تعطل اور دیگر تکنیکی خرابیوں کو فوری طور پر دور کرتے ہوئے شہریوں کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔برما ٹاؤن ایکشن کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ اداروں کو 15 دن کی مہلت دی جائے گی۔اگر اس مدت کے دوران عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات نہ کیے گئے تو برما ٹاؤن ایکشن کمیٹی احتجاجی تحریک عوامی دھرنوں اور دیگر جمہوری اقدامات کا باقاعدہ اعلان کرے گی۔اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ علاقے کے عوام کے بنیادی حقوق امن و امان پانی بجلی انفراسٹرکچر اور دیگر شہری مسائل کے حل کے لیے ہر آئینی و قانونی فورم پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 34

میں مون سون کا کمزور سسٹم موجود ہے جس کے زیر اثر لاہور میں جمعہ کو صبح سویرے ہلکی بارش سے موسم قدرے خوشگوار ہو گیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق 8 اگست کی رات آنے والا نیا سسٹم لاہور سمیت پنجاب بھر میں مزید بارشیں برسائے گا۔لاہور میں آج کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری جبکہ زیادہ سے زیادہ 36 ڈگری تک جانے کا امکان ہے۔اس کے علاوہ گلگت بلتستان کے ضلع دیامر میں سیلابی ریلوں نے تباہی مچا رکھی ہے، وادی نیاٹ، لوشی، بابوسر اور گیس بالا سمیت متعدد علاقے شدید بارش کے باعث متاثر ہوئے ہیں۔ادھر سیلاب کے باعث گنی کے مقام پر شاہراہ قراقرم ٹریفک کے لئے بند کر دی گئی ہے اور چترال میں سیلاب سے متاثرہ یوسی بروز، گرم چشمہ، شاشا اور کمسی گول میں بحالی کا کام جاری ہے جبکہ مستوج و گلگت روڈ چھوٹی گاڑیوں کے لیے کھول دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 35

کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔آگ برساتے سورج، شدید گرمی اور حبس کے موسم میں طویل بجلی بندش جبکہ کھانا پکانے کے اوقات میں گیس کی عدم دستیابی نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔شہریوں میں مقامی بجلی و گیس حکام کی مبینہ غیر ذمہ دارانہ رویے پر شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، وزیر اعظم پاکستان، وفاقی وزیر توانائی، چیف ایگزیکٹو آئیسکو اور متعلقہ گیس حکام سے نوٹس لینے کا عوامی مطالبہ تفصیلات کے مطابق گوجر خان شہر اور اس کے نواحی علاقوں میں گزشتہ کئی روز سے خصوصاً رات کے اوقات میں بجلی کی آنکھ مچولی کا سلسلہ جاری ہے۔وقفے وقفے سے کئی کئی گھنٹے بجلی کی غیر اعلانیہ بندش اور بار بار ٹرپنگ کے باعث معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔شدید گرمی میں گھروں میں موجود معصوم بچے، بزرگ شہری اور بیمار افراد شدید اذیت کا شکار ہیں، جبکہ بجلی کی بندش کے باعث متعدد علاقوں میں پانی کی فراہمی بھی متاثر ہو رہی ہے۔دوسری جانب گوجر خان کے مختلف علاقوں میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر نے بھی شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔خصوصاً صبح اور شام کے اوقات میں گیس کی عدم دستیابی کے باعث خواتین کو کھانا تیار کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ انہیں گھریلو ضروریات پوری کرنے کے لیے مہنگی ایل پی جی اور دیگر متبادل ایندھن کا استعمال کرنا پڑ رہا ہے، جس سے پہلے ہی مہنگائی کے ستائے عوام پر اضافی مالی بوجھ پڑ رہا ہے۔

شہریوں کے مطابق بجلی اور گیس دونوں بنیادی سہولیات ہیں، لیکن مسلسل بندش کے باعث روزمرہ زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔بجلی کی بار بار بندش اور وولٹیج میں اتار چڑھاؤ سے گھریلو برقی آلات خراب ہونے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے، جبکہ گیس کی عدم دستیابی نے گھریلو خواتین خصوصاً بزرگ اور کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار شکایات کے باوجود متعلقہ بجلی حکام اور گیس کمپنی کے ذمہ دار افسران کی جانب سے کوئی موثر اقدام نہیں کیا جا رہا۔شہریوں کے مطابق متعلقہ افسران کے فون نمبرز یا تو مسلسل مصروف رہتے ہیں یا عوام کی شکایات سننے کے لیے کالز وصول نہیں کی جاتیں۔اہلیان گوجر خان نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف عوام بھاری بھرکم بجلی اور گیس کے بل ادا کر رہے ہیں، جبکہ دوسری جانب انہیں بنیادی سہولیات کی مسلسل بندش کا سامنا ہے۔شہریوں نے مطالبہ کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے اگر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری رہا تو صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے۔اہلیان گوجر خان نے وزیر اعظم پاکستان، وفاقی وزیر توانائی، چیف ایگزیکٹو آئیسکو اور متعلقہ گیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گوجر خان میں بجلی اور گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، بار بار ٹرپنگ اور گیس کے کم پریشر کا فوری نوٹس لیا جائے، متعلقہ افسران کو عوامی شکایات کے فوری ازالے کا پابند بنایا جائے اور شہریوں کو بلاتعطل بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ نمبر 36

تصادم بھی ہوا۔راولپنڈی میں امیر جماعت اسلامی پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم کی زیر قیادت مری روڈ، لیاقت باغ کے قریب بند کر کے احتجاجی دھرنا دیا گیا۔امیر جماعت اسلامی سٹی ڈسٹرکٹ راولپنڈی سید عارف شیرازی سمیت دیگر ذمہ داران اور کارکنان کی بڑی تعداد دھرنے میں شریک ہوئی۔کراچی میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان کی قیادت میں شاہراہ فیصل پر احتجاجی ریلی نکالی گئی اور دھرنا دیا گیا، نوجوانوں سمیت بڑی تعداد میں شہریوں اور جماعت اسلامی کے کارکنان نے شرکت کی۔کراچی کے مختلف اضلاع سے قافلے شاہراہ فیصل پہنچے اور شہریوں نے موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں بند کر کے احتجاج ریکارڈ کرایا۔امیر جماعت اسلامی کراچی نے کہا کہ عوام ظالمانہ نظام اور پٹرولیم لیوی کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔اندرون سندھ میں حیدرآباد سے کشمور تک جماعت اسلامی کے تحت احتجاج کیا گیا۔حیدرآباد، سکھر، میرپور خاص، لاڑکانہ، کشمور، گھوٹکی، اوباڑو، شہداد کوٹ، عمرکوٹ، سانگھڑ، مٹھی، بدین، جیکب آباد، سکرنڈ، ٹنڈو الہیار اور ٹھٹھہ سمیت مختلف شہروں میں مظاہرے اور دھرنے دیے گئے۔

بقیہ نمبر 37

دیگر وفد کے ارکان نے پاکستان کی ترقی و خوشحالی، عوام کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن و استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔یہ دورہ پاکستان اور سعودی عرب کے قریبی برادرانہ تعلقات کے تناظر میں بھی اہم قرار دیا جا رہا ہے، جہاں اعلیٰ سطحی قیادت مذہبی فریضے کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ خیر و برکت اور امن کے لیے دعا گو رہی۔

بقیہ نمبر 38

عبدالعزیز آل سعود نے مکہ مکرمہ کے قصر الصفا میں ترک صدر اور پاکستانی وزیراعظم کا استقبال کیا بیان کے مطابق "مکہ المکرمہ مشترکہ دفاعی سربراہی اجلاس" منعقد ہوا، اجلاس میں سعودی عرب، ترکی اور پاکستان کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات، دفاعی تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس معاہدے کا مقصد تینوں ممالک کی اجتماعی دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا، خطے اور دنیا میں امن، سلامتی اور استحکام کو فروغ دینا اور مشترکہ سلامتی کو یقینی بنانا ہے۔معاہدے کے تحت تینوں ممالک نے اتفاق کیا کہ اگر کسی ایک رکن ملک پر مسلح حملہ ہوتا ہے تو اسے تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا، معاہدے میں دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دینے اور مشترکہ دفاعی روابط کو مضبوط بنانے کی شقیں بھی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 39

ہوا۔انہوں نے دعا کی کہ تینوں برادر اسلامی ممالک جو ایمان، اخوت اور امن و سلامتی کے مشترکہ عزم میں متحد ہیں، کے مابین حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے امن و استحکام کی ڈھال ثابت ہو اور ہمارے تینوں برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پوری امت مسلمہ کے لیے ترقی، خوشحالی اور فلاح کا باعث بنے

بقیہ نمبر 40

کی۔سکیورٹی فورسز نے اعظم ورسک میں دہشت گردوں کا حملہ موثر انداز میں ناکام بنا دیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے

بقیہ نمبر 41

ہیں۔سعودی انٹیلی جنس کے مطابق ڈرونز اور میزائلوں کی نقل و حرکت دیکھی ہے، توانائی تنصیبات، بندرگاہیں اور ہوائی اڈے کو نشانہ بنائے جانے کا خدشہ ہے۔سعودی حکام نے کہا کہ کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، ایران سمیت تمام فریقوں سے سفارتی رابطے جاری ہیں، مذاکرات درست سمت میں آگے بڑھتے دکھائی دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 42

سے سنائی گئی عمر قید کی سزا برقرار رکھی۔پراسیکیوشن کے مطابق مجرم نے 2010 میں مچھر کالونی میں بچی کو زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔پراسیکیوشن کا کہنا ہے کہ مجرم نور محمد کے خلاف ٹھوس شواہد ہیں، فیصلے میں کوئی نقص نہیں ہے۔مجرم کے وکیل کا موقف تھا کہ ٹرائل کورٹ کے فیصلے میں قانونی تقاضے پورے نہیں کیے گئے۔

بقیہ نمبر 43

میں خاتون پولیس اہلکار سیرت طارق، عمران خان، سلمان خوشی، نجف علی اور ذیشان اکرم شامل ہیں۔عدالت نے ملزمان کو شامل تفتیش ہونے کا حکم دے دیا۔ایڈیشنل سیشن جج ذوالفقار احمد نے عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔تھانہ سرور روڈ پولیس نے مقدمہ درج کر رکھا ہے

بقیہ نمبر 44

رپورٹ کے مطابق اخلاقیات کے خلاف مواد کے 10 لاکھ 65 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کر دیئے گئے، فیس بک پر 2 لاکھ 30 ہزار، ٹک ٹاک کے 1 لاکھ 70 ہزار، ایکس کے 74 ہزار سے زائد لنکس بلاک کیے گئے۔یوٹیوب پر 66 ہزار سے زائد یو آر ایل بند، بلاکنگ ریٹ 88.6 فیصد رہی، وائس ایپ کے 50 ہزار، انسٹاگرام کے 45 ہزار سے زائد یو آر ایل بلاک کیے گئے۔پی ٹی اے کے مطابق دہشت گردی سے متعلق 1 لاکھ 41 ہزار سے زائد یو آر ایل، قومی سلامتی و دفاع کے خلاف 74 ہزار سے زائد یو آر ایل، اسلام کے خلاف مواد پر ایک لاکھ 12 ہزار 482 یو آر ایل بند کر دیئے گئے۔فرقہ واریت اور نفرت انگیز مواد کے 52 ہزار سے زائد یو آر، پراکسی ویب سائٹس کے خلاف سخت کارروائی، 99.99 فیصد یو آر ایل بلاک کیے گئے ہیں۔زیر جائزہ عرصے کے دوران پی ٹی اے نے 17 لاکھ سے زائد شکایات پر کارروائی کی، 76 ہزار سے زائد شکایات زیر جائزہ، جبکہ ایک لاکھ سے زائد درخواستیں مسترد کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 45

ڈرامائی سفارت کاری ×× کا مظاہرہ کر رہا ہے۔محمد باقر قالیباف نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ امریکا پہلے بڑے فوجی حملوں کی دھمکیاں دیتا ہے، پھر اچانک موقف تبدیل کر کے مذاکرات کی بات کرنے لگتا ہے۔انہوں نے طنزیہ انداز میں لکھا کہ پہلے کہا جاتا ہے بڑا حملہ ہونے والا ہے، پھر اچانک کہا جاتا ہے کہ نہیں، اب وہ مذاکرات کرنا چاہتے ہیں۔یہ بار بار دہرائی جانے والی ڈرامائی سفارت کاری ہے۔ایرانی رہنما نے کہا کہ دھونس، وعدہ خلافی اور جھوٹی خبروں کے ذریعے دباؤ ڈالنے کی امریکی حکمت عملی ناکام ہو چکی ہے اور اس سے کوئی مثبت نتیجہ حاصل نہیں ہوگا۔قالیباف نے واشنگٹن پر زور دیا کہ وہ زمینی حقائق کو تسلیم کرے اور اپنے کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایران کو مزید بیانات یا سیاسی ڈرامے کی ضرورت نہیں بلکہ سنجیدہ اور عملی اقدامات درکار ہیں۔

بقیہ نمبر 46

ایم این ایز کے نام مانگے، اس کے علاوہ کوئی بات نہیں ہوئی۔طارق فضل چوہدری سے مذاکرات کی کوئی بات ہوئی ہو تو پتا نہیں۔میں تو مذاکرات کی دعوتیں دے دے کر تھک گیا ہوں، اب مذاکرات کے لیے کہنا بند کر دیا ہے۔سردار ایاز صادق نے کہا کہ وزیراعظم بھی متعدد بار پارلیمنٹ کے فورم پر مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 47

جام شہادت نوش کر گئے۔واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی اداروں کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔شہید اہلکار کی میت ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے روانہ کر دی گئی۔پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے حملہ آوروں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن بھی شروع کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 48

مطابق یہ حملہ فوجی اور بحری انفراسٹرکچر کو ٹریک اور تباہ کرنے کے لیے جاری آپریشنز کے حصے کے طور پر کیا گیا ہے۔روسی فوجی کمان کی طرف سے جاری بیان کے مطابق آپریشن 6 اگست کی شام سے 7 اگست کی صبح کے درمیان انتہائی درستگی کے ساتھ کیے گئے۔وزارت دفاع نے تصدیق کی کہ روسی افواج نے خطے میں یوکرین کی مسلح افواج کی طرف سے تعینات اور حمایت یافتہ بحری جہازوں اور بحری جہازوں کے خلاف اپنے حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔روسی افواج کیف کی طرف سے فوجی ساز و سامان اور گولہ بارود کی نقل و حمل کیلئے استعمال ہونے والی کسی بھی سمندری سپلائی یا لاجسٹک لائنوں کو منقطع کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔مزید برآں ماسکو بحریہ کے اثاثوں کو درست طریقے سے نشانہ بنانے اور اپنے جنگی جہازوں کو لاحق خطرات کو کم کرنے کے لیے ڈرون ٹیکنالوجی پر تیزی سے انحصار کر رہا ہے۔ان نئے حملوں سے بحیرہ اسود میں سلامتی کے تناؤ میں اضافہ ہونے کی توقع ہے جو اناج کی تجارت اور بین الاقوامی جہاز رانی کے لیے بھی ایک اہم اسٹریٹجک آبی گزرگاہ ہے

بقیہ نمبر 49

دستاویزات مقررہ وقت کے اندر الیکشن کمیشن آف پاکستان میں جمع بھی کروائی جا چکی ہیں۔اس وقت جماعت صوبائی، ضلعی اور نچلی سطح پر تنظیمی انتخابات کے اگلے مرحلے کی تیاری میں مصروف ہے تاکہ ملک بھر میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جا سکے۔تاحال عوام پاکستان کو الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس معاملے پر کوئی باضابطہ وضاحت موصول نہیں ہوئی۔جماعت پیر کے روز الیکشن کمیشن آف پاکستان سے باقاعدہ رابطہ کرے گی تاکہ سامنے آنے والی معلومات اور ریکارڈ کی روشنی میں معاملے کی حقیقت معلوم کی جا سکے۔اس کے بعد عوام پاکستان اپنا تفصیلی مؤقف اور آئندہ کا لائحہ عمل عوام کے سامنے پیش کرے گی۔ہمیں یقین ہے کہ الیکشن کمیشن کے ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد یہ معاملہ واضح ہو جائے گا۔عوام پاکستان قانون کی حکمرانی، جمہوری اقدار اور آئینی تقاضوں پر مکمل یقین رکھتی ہے اور امید کرتی ہے کہ الیکشن کمیشن اس معاملے کو حقائق اور اپنے دستیاب ریکارڈ کی بنیاد پر جلد واضح کرے گا

بقیہ نمبر 50

کام مکمل، نئے کیمروں کی تنصیب، 85 فیصد کیمرے لگ گئے، 415 کلومیٹر آپٹیکل فائبر بچھا دی گئی۔ڈیٹا سینٹر، سائبر آرکیٹیکچر اور سائبر سکیورٹی پر 80 فیصد کام مکمل کر لیا گیا۔

بقیہ نمبر 51

نئے صوبوں کے قیام کے لیے الیکشن کمیشن کا استعمال کیا جائے گا اور ملک میں ریفرنڈم کرایا جائے گا۔جے یو آئی سینیٹر نے کہا کہ نئے صوبوں کی حد بندی اور حلقوں پر اعتراضات آئیں گے۔مختلف قومیتیں کہیں اکٹھی اور کہیں الگ ہونا چاہیں گی

بقیہ نمبر 52

رپورٹ کے مطابق امریکی انتظامیہ ان اطلاعات پر تشویش کا اظہار کر رہی ہے جن میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران کے خلاف جاری جنگ کے دوران امریکا کے بعض اہم ہتھیاروں اور گولہ بارود کے ذخائر میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے

بقیہ نمبر 53

سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں کہیں ہلکی تو کہیں تیز بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا، سرگودھا، چنیوٹ، ملتان، فیصل آباد سمیت کئی شہروں میں بادل جم کر برسے۔

بقیہ نمبر 54

اسکول کے اندر ہی چھپا ہوا تھا۔حکام کا کہنا ہے کہ اطلاع ملتے ہی پولیس، طبی عملہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 55

تعزیت کرتے ہیں، زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ترجمان سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گردی بین الاقوامی امن و سلامتی کے لیے سنگین ترین خطرات میں سے ایک ہے۔بیان میں کہا گیا کہ دہشتگردانہ کارروائیوں کے مرتکب، منصوبہ سازوں، مالی معاونین اور سرپرستوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، تمام ممالک بین الاقوامی قانون و سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے مطابق اس سلسلے میں حکومت پاکستان سے تعاون کریں۔

بقیہ نمبر 56

کے مطابق یمنی فوج کے ایک ذریعے نے بتایا کہ ڈرون حملہ جنوبی مارب کے علاقے حریب میں کیا گیا۔فوجی ذریعے کے مطابق حملے کے نتیجے میں ابتدائی طور پر 3 اہلکاروں کی ہلاکت اور 4 کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے منتقل کیا گیا، تاہم ان کی حالت کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں۔حکام کے مطابق حوثیوں کی جانب سے ڈرون کے ذریعے حریب کے علاقے کو نشانہ بنایا گیا۔یہ علاقہ جنوبی مارب میں واقع ہے اور یمن کی جاری کشیدگی کے دوران مختلف اوقات میں فوجی جھڑپوں اور حملوں کا مرکز بنا رہا ہے۔حالیہ حملے میں سرکاری فورسز کو جانی نقصان پہنچا، تاہم ابھی یہ واضح نہیں کیا گیا کہ حملے میں فوجی تنصیبات کو بھی کوئی نقصان پہنچا یا صرف اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا۔یمن میں حوثی گروپ اور حکومت کی حمایت کرنے والی فورسز کے درمیان طویل عرصے سے کشیدگی جاری ہے۔ملک میں جاری تنازع نے پہلے ہی بڑی تعداد میں لوگوں کو متاثر کیا ہے جبکہ مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے حملے اور جھڑپیں بھی ہوتی رہتی ہیں۔حوثیوں کی جانب سے حالیہ برسوں میں ڈرون اور میزائل حملوں کی صلاحیت میں اضافہ کیا گیا ہے۔گروپ کی کارروائیوں کا دائرہ یمن کے اندر فوجی اہداف کے علاوہ بحیرہ احمر اور خطے کے دیگر سمندری علاقوں تک بھی پھیل چکا ہے۔دوسری جانب یمنی حکومت کی حمایت کرنے والی فورسز ملک کے مختلف علاقوں میں حوثیوں کے خلاف کارروائیاں کرتی رہی ہیں۔فوجی ذرائع کے مطابق مارب میں ہونے والے تازہ حملے کے بعد علاقے میں سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔حکام نے حملے کی مکمل نوعیت اور اس کے ممکنہ نقصانات کے بارے میں مزید معلومات فراہم نہیں کیں۔تجزیہ کاروں کے مطابق یمن میں کسی بھی نئی عسکری کارروائی سے ملک میں پہلے سے موجود کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہے، جبکہ خطے میں جاری وسیع تر تنازعات کے باعث یمن کی سکیورٹی صورتحال بھی مسلسل عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 57

ادارے، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کے اشتراک سے جنوبی پنجاب اور سندھ کے پانی کی قلت سے متاثرہ علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے ایک بڑے منصوبے کو کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔منصوبے کے تحت ڈیڑھ لاکھ سے زائد افراد کو پینے کے محفوظ اور صاف پانی تک پائیدار رسائی فراہم کی گئی ہے۔اس اقدام کا مقصد ایسے علاقوں میں صاف پانی کی سنگین قلت سے نمٹنا تھا، جہاں 2024ء کے تباہ کن سیلاب کے باعث پانی کے ذرائع شدید متاثر، تباہ یا آلودہ ہو گئے تھے۔منصوبے کے تحت موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے محفوظ مختلف پائیدار سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جن میں ریورس اوسموسس (آر او) پلانٹس، بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے نظام، بائیو سینڈ فلٹرز، ہینڈ پمپس اور ٹیوب ویلز شامل ہیں۔یہ سہولیات ملک کے انتہائی پسماندہ اور موسمیاتی خطرات سے دوچار علاقوں کے لوگوں کو طویل مدت تک پینے کے محفوظ پانی کی فراہمی یقینی بنائیں

www.youtube.com/watch?v=bsdVVl4X6UB//:https

یہ منصوبہ تھر میں پی ٹی سی ایل کے صاف پانی کی فراہمی کے پہلے مرحلے کی کامیابی کا تسلسل ہے، جس سے 15 ہزار سے زائد افراد مستفید ہوئے تھے۔پہلے مرحلے کی کامیابی سے حوصلہ پا کر پی ٹی سی ایل نے اس اقدام کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے مزید جدید اور متنوع سہولیات متعارف کرائیں، تاکہ زیادہ علاقوں اور آبادیوں تک پینے کے صاف پانی کی سہولت پہنچائی جا سکے۔یہ منصوبہ پی ٹی سی ایل کی جانب سے اہم سماجی و ماحولیاتی مسائل کے حل اور قومی ترقیاتی ترجیحات میں معاونت کے ذریعے مشترکہ سماجی و معاشی فوائد پیدا کرنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر یہ اقدام پی ٹی سی ایل کے اپنے 79 سالہ سفر کی بھی ترجمانی کرتا ہے، جس کے دوران ادارہ لوگوں کو رابطے کے وسائل فراہم کرنے، کمیونٹیز کو بااختیار بنانے اور ٹیلی کمیونیکیشن کی خدمات سے آگے بڑھ کر ملک کی سماجی و معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتا رہا ہے۔اس موقع پر پی ٹی سی ایل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ندیم خان نے کہا، "پینے کا صاف پانی انسان کی بنیادی ضرورت اور صحت مند و خوشحال معاشرے کی ناگزیر ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 58

رساں ادارے کے مطابق دھماکہ منی بس کے اندر نصب دھماکا خیز مواد پھٹنے کے باعث ہوا۔مزید اموات کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 59

ویڈیو لنک ریفرنس میں شریک ہوئے۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے فل کورٹ ریفرنس سے خطاب میں کہا کہ جسٹس مسرت ہلالی ایک سال سوات بنچ میں بھی رہیں، جسٹس مسرت ہلالی سوات بنچ میں ایک عام سی گاڑی میں سفر کرتی رہیں، جسٹس مسرت ہلالی کو ایک مسکراتی ہوئی دلیر جج کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔جسٹس مسرت ہلالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا ججز آتے جاتے رہتے ہیں لیکن انصاف ہمیشہ رہنا چاہیے، آج ریٹائر ہوتے ہوئے مطمئن ہوں کہ جو کیا وہ میرے والدین کی دعا اور ساتھی ججز کی سپورٹ تھی۔انہوں نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ کی پہلی چیف جسٹس اور کے پی سے سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج بنی، خیبر پختونخوا کی پہلی خاتون تھی جس نے بار کا الیکشن لڑا اور کامیاب ہوئی۔

بقیہ نمبر 60

لیا گیا۔اجلاس کے دوران ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے ہدایت کی کہ تمام زونل ہیڈز اپنے متعلقہ زونل دفاتر اور ماتحت پاسپورٹ دفاتر کو ماڈل دفاتر میں تبدیل کریں، جہاں صفائی، نظم و ضبط، مناسب ماحول اور پاسپورٹ درخواست گزاروں کیلئے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 61

ملنے پر فوری طور پر موقع پر پہنچ کر سرچ آپریشن کیا اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے موضع جنڈیالہ تحصیل ظفروال کے قریب نالہ ڈیک سے ایک بھارتی ساختہ 9 کلووزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد کر کے اسے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔

بقیہ نمبر 62

آ گئی، یعنی مجموعی طور پر 2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔حکام نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ گیس کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی بڑھانے کا سب سے بڑا سبب رہا جب کہ گندم، آٹا، تازہ دودھ اور پیٹرول کی قیمتوں نے بھی مہنگائی پر اثر ڈالا

بقیہ نمبر 63

سے اپیل کی ہے کہ وہ بین الاقوامی فوجداری عدالت کے دائرہ اختیار کو تسلیم کرے۔

بقیہ نمبر 64

دوران پروفیسر رابرٹ پیپ نے کہا ہے کہ امریکی فضائی اور بحری حملوں سے ٹرمپ کو وقتی فوجی کامیابیاں ضرور ملیں لیکن اس جنگ میں کودنے سے وہ اپنے کسی بھی بڑے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکے۔

پروفیسر عابد فرید، وائس چانسلر، یونیورسٹی آف ہری پور نے آن لائن ٹرانسکرپٹ اور ڈگری اجرا سسٹم کا افتتاح کے موقع پر

یونیورسٹی آف ہری پور، نئے آن لائن ٹرانسکرپٹ اور ڈگری اجرا سسٹم کا افتتاح

نظام ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی سروسز اور امتحانی سیکشن کی مشترکہ کاوش کا نتیجہ قرار

چارسدہ (نمائندہ شہرنامہ) یونیورسٹی آف ہری پور نے ڈیجیٹل تبدیلی اور ای گورننس کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے آن لائن ٹرانسکرپٹ اور ڈگری اجرا سسٹم کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس جدید نظام کا افتتاح پروفیسر ڈاکٹر عابد فرید، وائس چانسلر، یونیورسٹی آف ہری پور نے امتحانی سیکشن میں منعقدہ تقریب کے دوران کیا۔ افتتاح کے موقع پر وائس چانسلر نے خود آن لائن نظام کے ذریعے ایک طالب علم کی ٹرانسکرپٹ اور ڈگری جاری کر کے اس جدید نظام کا عملی مظاہرہ کیا۔ یہ نظام ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی سروسز اور امتحانی سیکشن کی مشترکہ کاوش کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد طلبہ کو ٹرانسکرپٹس اور ڈگریوں کے اجرا کی محفوظ، شفاف، تیز رفتار اور مؤثر آن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سیاحوں کی کثیر تعداد نے مری میں ڈھیرے ڈال لیے

قدرتی ماحول اور دلکش حسین نظاروں میں آزادی کی خوشیاں منائیں گے، سیاح

مری (نمائندہ خصوصی) مری کا گرمائی سیزن اپنے عروج پر ملک اور دیگر ممالک سے سیاحوں کی کثیر تعداد نے مری میں ڈھیرے ڈال لیے ہیں جبکہ سیاحوں کی آمد کا سلسلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



مری، ملکہ کوہسار میں گرمائی سیزن عروج پر ملک بھر سے سیاح موسم سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

آئیسکو کی سروس ڈیلیوری صفر، معمولی مسائل حل کیلئے بھی گھنٹوں انتظار، صارفین عاجز آگئے

فوری شکایات حل کے دعوے دھرے کے دھرے، صارفین کو بجلی مسائل کے حل کے لیے انتظار کی اذیت دی جانے لگی

لائن فالٹ اور میٹر خرابی جیسی معمولی شکایات کے حل کے لیے بھی گھنٹوں انتظار سے سخت گرمی میں کئی افراد کی حالت غیر ہوگئی

نااہل عملہ کی وجہ سے صارفین کے لاکھوں کے برقی آلات کا نقصان، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئیسکو کے سروس ڈیلیوری کے دعوے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

شہری کی جانب سے درج کرائی گئی شکایات کا عکس

آئیسکو سب ڈویژن اڈیالہ کے عملہ کی نااہلی، ٹرانسفارمر کا نقصان

ثمرزار سٹریٹ 1 سیکٹر 1 میں ٹرانسفارمر میں معمولی سپارکنگ ہوئی تھی

شہریوں کی بار بار شکایت پر اہلکاروں کے کان پر جوں تک نہ رینگی

اڈیالہ (نامہ نگار) آئیسکو سب ڈویژن اڈیالہ کا نااہل عملہ ٹرانسفارمر کو لے ڈوبا۔ شہریوں کی بار بار شکایت پر اہلکاروں کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ بجلی کے معمولی نقص نے شہریوں کی راتوں کی نیندیں اڑا دی۔ تفصیلات کے مطابق اڈیالہ روڈ کے علاقے ثمرزار کی سٹریٹ 1 سیکٹر 1 میں گزشتہ روز ٹرانسفارمر سے معمولی سی سپارکنگ ہو رہی تھی جس پر صارفین نے واپڈا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

آل ایفیلیٹڈ انسٹیٹیوشنز نجی تعلیمی سیکٹر کی حقیقی نمائندہ تنظیم، جاوید

ستمبر میں رکنیت اور تنظیم سازی تیز کردیں گے، راجہ خالد کا مشترکہ بیان

اسلام آباد (پ ر) ایسوسی ایشن آف آل ایفیلیٹڈ انسٹیٹیوشنز نجی تعلیمی سیکٹر کی حقیقی نمائندہ تنظیم ہے۔ جو فیڈرل بورڈ اور نجی تعلیمی سیکٹر کے درمیان پائے جانے والے تحفظات دور کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ جس میں بیک وقت فیڈرل بورڈ اور نجی تعلیمی سیکٹر کے حقوق کا تحفظ کرے گی۔ چیئرمین ایسوسی ایشن آف آل ایفیلیٹڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ویمن یونیورسٹی راولپنڈی اکیڈمک کونسل نے تعلیمی اصلاحات کی منظوری دیدی

یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے نظر ثانی شدہ نصاب کو ہائر ایجوکیشن، عصری تقاضوں اور عالمی تعلیمی معیارات کے مطابق منظوری

راولپنڈی ویمن یونیورسٹی تعلیمی معیار، تحقیق اور جدت پر مبنی ایک مضبوط تعلیمی ماڈل کے قیام کے لیے پرعزم ہے، ڈاکٹر طیبہ ظریف

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کے اکیڈمک کونسل کا چوتھا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس کے آغاز میں کونسل ممبران نے پروفیسر صاحبہ کو اہم عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ اجلاس میں اندرونی و بیرونی اراکین کی بھرپور شرکت نے فیصلوں کو مزید مؤثر اور ہمہ جہت بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اجلاس کے دوران یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے نظر ثانی شدہ نصاب (ریوائزڈ کریکولم) کو ہائر ایجوکیشن، عصری تقاضوں اور عالمی تعلیمی معیارات کے مطابق منظوری دی گئی۔ اس کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد میڈیکل، ڈینٹل کالج: AI ہیلتھ کیئر سرٹیفکیٹ پروگرام شروع

مقصد طلبہ اور ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کو جدید طبی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج نے شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل یونیورسٹی کے اشتراک سے بین الاقوامی معیار کے مطابق کلینیکل آرٹیفیشل انٹیلی جنس ہیلتھ کیئر سرٹیفکیٹ پروگرام کا آغاز کر دیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان کے طبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈی سی مری سیاحوں کو ملکہ کوہسار کا قدرتی ماحول فراہم کرنے کیلئے متحرک

مری (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی ملک بھر سے آنیوالے سیاح مہمانوں کو تمام تر سہولتیں فراہم کرنے اور صاف ستھرا قدرتی ماحول فراہم کرنے کیلئے متحرک، گزشتہ روز انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع بھر میں صفائی ستھرائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

وزیر تعلیم سے پرائیویٹ سکولز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی ملاقات

فیڈرل بورڈ سکولز فیسوں میں غیر معمولی اضافے پر تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے وفد کی وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے ان کے دفتر میں ملاقات۔ وفد میں سابق رکن بورڈ آف گورنرز ناصر محمود، رکن بورڈ آف گورنرز حافظ محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ہاکی ٹیسٹ، کوریا نے پاکستان کو 2-6 سے شکست دے دی

پاکستان کی جانب سے محمد احمد نے گول سکور کیا کوریا کا جارحانہ کھیل کا مظاہرہ

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان کی انڈر 21 اور جنوبی کوریا کی سینئر ہاکی ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے سیریز کے چوتھے ٹیسٹ میچ میں کوریا نے پاکستان کو 2-6 سے شکست دے دی۔ اس موقع پر آئی پی سی سیکرٹری و پی ایچ ایف صدر محی الدین احمد وانی، چیئرمین سلیکشن کمیٹی اولمپین سمیع اللہ خان، سینئر سپورٹس اینکر یحییٰ خان کے علاوہ اسپانسرز کے نمائندے بھی موجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

مری، راجہ شہزاد رشید کے بڑے بھائی راجہ ارشاد کا انتقال

مری (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف مری کے رہنما و معروف سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت راجہ شہزاد رشید کے بڑے بھائی راجہ ارشاد بقضائے الٰہی انتقال کر گئے، مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اڈیالہ روڈ سی او ڈی چوک پر نصب ٹریفک سگنل خراب، ٹریفک روانی متاثر

اڈیالہ (نامہ نگار) اڈیالہ روڈ سی او ڈی چوک پر نصب ٹریفک سگنل گزشتہ دو ہفتوں سے خراب ہونے کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے، جبکہ شہریوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

راجہ خرم نواز نے راجہ زاہد دھنیال کو فوکل پرسن مقرر کردیا

عوامی مسائل حل، رابطوں اور ترقیاتی امور کی نگرانی سمیت اہم ذمہ داریاں انجام دینگے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) رکنِ قومی اسمبلی چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ و انسدادِ منشیات راجہ خرم نواز نے عوامی خدمات کو مزید مؤثر تیز اور منظم بنانے کے لیے حلقہ این اے-48 اسلام آباد میں مزید کوآرڈینیٹرز تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے اسی سلسلے میں یونین کونسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، دو دکانوں میں آگ بھڑک اٹھی، نقصان ٹل گیا

راولپنڈی (آئی این پی) صادق آباد روڈ پر گارمنٹس اور امپورٹڈ شوز کی دو دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ کو ملحقہ دکانوں تک پھیلنے سے بھی روک دیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

زیرِ حراست ملزم پر ساتھیوں کی فائرنگ، پولیس ٹیم محفوظ رہی

پولیس اہلکار بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہے

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) تھانہ رمنا کی حدود میں پولیس ٹیم پر زیرِ حراست ملزم کے ساتھیوں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں زیرِ حراست ملزم عدنان علی اپنے ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

چین، صوبہ سیچوان میں 2.5 شدت کا زلزلہ

بیجنگ (آئی این پی) چین کے صوبے سیچوان میں 2.5 شدت کے زلزلے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق چین کے جنوب مغربی صوبے سیچوان میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ تازہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

جے یو آئی مری کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت و دفاع پاکستان سیمینار

محبوب قریشی نے عقیدہ ختمِ نبوت کی اہمیت اور تنظیم کی عملی و فکری تربیت بارے پر خطاب کیا

مری (بیورو رپورٹ) جے یو آئی تحصیل و ضلع مری کے زیر اہتمام مری کی لوئر بیلٹ یوسیز کا عظیم الشان، تحفظ ختم نبوت و دفاع پاکستان سیمینار، ضلع بھر کے جماعتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

صوبہ ہزارہ کا قیام عوام کا آئینی و جمہوری حق ہے، گوہر زمان کڑلال

لیگی رہنما مخلص تو پارلیمنٹ میں صوبہ کے قیام کی حمایت کریں، سلطان العارفین جدون

رائے شماری میں 90 فیصد عوام نئے صوبے کے حق میں فیصلہ دینگے، یاسر خان کڑلال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پختونوں سے ہزارہ کے عوام کی کوئی دشمنی نہیں، ان کا مطالبہ صرف اپنے آئینی، جمہوری اور سیاسی حقوق کا حصول ہے۔ اگر صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے باقاعدہ رائے شماری کرائی جائے تو 90 فیصد سے زائد عوام نئے صوبے کے حق میں فیصلہ دیں گے۔ نیشنل پریس کلب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، چیئرمین تحریک صوبہ ہزارہ گوہر زمان و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد، برماٹاؤن ایکشن کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہے

فوزیہ حبیب کے چہلم کی دعا، سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

مہمانوں نے جمہوری جدوجہد اور عوامی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما اور سابق وفاقی وزیر محترمہ مرحومہ فوزیہ حبیب صاحبہ کے چہلم کی دعا انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ ادا کی گئی۔ اس موقع پر مرحومہ کی سیاسی و سماجی خدمات اور کارہائے نمایاں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا گیا، جبکہ ان کے درجاتِ بلندی اور مغفرت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ چہلم کی دعا میں پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر فرحت اللہ بابر، سابق وزیر راجہ شاہد ظفر، راجہ شفقت عباسی، سید سبطی شاہ بخاری، شوکت عباسی، عبدالجبار ستی، چیئرمین حفیظ الرحمن عباسی، ذاکر عباسی، ملک جاوید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

میٹروپولیٹن زیر پرڈیجیٹل ایڈورٹائزمنٹ سکرینز کیلئے قابل عمل منصوبہ تیار کیا جائے، ڈی سی راولپنڈی

راولپنڈی کو صاف، سرسبز اور خوبصورت شہر بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا خطاب

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی کو مزید سرسبز، خوبصورت اور جدید شہری سہولیات سے آراستہ کرنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسٹیٹ بینک راولپنڈی کے زیر اہتمام اجلاس میں چیف مینیجر رضوان خلیل شمسی خطاب کر رہے ہیں

برماٹاؤن ایکشن کمیٹی کا ہنگامی اجلاس انتظامیہ کو 15 روزہ الٹی میٹم

تھانہ کھنہ کے ایس ایچ او سمیت تمام عملہ معطل کرنے جرائم کے خاتمے پانی بجلی تجاوزات اور سروس روڈ کی تعمیر کا مطالبہ

مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاجی تحریک دھرنوں اور آئندہ کے سخت لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی): برماٹاؤن ایکشن کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں علاقے کو درپیش سنگین عوامی مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ متعلقہ سرکاری اداروں کو مسائل کے حل کے لیے 15 روز کا الٹی میٹم دیا جائے گا۔ مقررہ مدت کے دوران عملی اقدامات نہ کیے گئے تو بھرپور احتجاجی تحریک اور آئندہ کے سخت لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

لاڑکانہ، خواتین زمین میں چاول کی فصل کو بو رہی ہیں

اسلام آباد، پنجاب میں بارش، کراچی میں بونداباندی کا امکان

اسلام آباد، لاہور (آئی این پی) محکمہ موسمیات نے کراچی سمیت سندھ کی ساحلی پٹی پر بونداباندی کا امکان ظاہر کیا ہے جبکہ پنجاب اور اسلام آباد میں مزید بارش کی پیشگوئی بھی کی گئی ہے۔ ادھر لاہور سمیت پنجاب بھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

گوجر خان، بجلی، گیس کی بھی بدترین لوڈ شیڈنگ

شہری عذاب میں مبتلا، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان شہر اور گردونواح میں بجلی کی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے ساتھ ساتھ گیس کی بھی بندش اور کم پریشر نے شہریوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مری، ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر شیرازی صفائی ستھرائی سے متعلق بریفنگ لے رہے ہیں

برماٹاؤن: مہنگی روٹی کیمیکل ملا دودھ اور گھروں میں کمرشل سرگرمیاں عام

خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، مجسٹریٹ ذیشان بجرانی

اسلام آباد (سردار وقار احمد): شہرنامہ کی جانب سے پنڈوریاں اور برماٹاؤن میں مہنگی روٹی کی فروخت، کیمیکل ملے اور ملاوٹ شدہ دودھ کی فروخت جبکہ رہائشی مکانات میں غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں کی نشاندہی کے بعد علاقہ مجسٹریٹ ذیشان بجرانی نے ان عناصر کے خلاف سخت اور بڑا آپریشن کرنے کا عندیہ دے دیا ہے۔ علاقہ مجسٹریٹ ذیشان بجرانی نے کہا ہے کہ انتظامیہ کے مقرر کردہ نرخ سے زائد قیمت پر روٹی فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخ پر روٹی اور دیگر اشیائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

معروف عالم دین علامہ پیر سید حسین الدین شاہ انتقال کر گئے



راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی کے معروف عالم دین، بانی و مہتمم گلستان مہر علی جامعہ رضویہ ضیاء العلوم اور سرپرست اعلیٰ تنظیم المدارس اہل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ڈویلپرز بلند عمارتوں پر مشتمل رہائش کو فروغ دیں، خلیل شمسی

سٹیٹ بینک راولپنڈی کے زیرِ اہتمام "وزیرِ اعظم ہاسنگ پروگرام بارے اجلاس

بینکوں کی آر ڈی اے میں اسکیم کے لیے ون ونڈو آپریشن کی سفارش

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک راولپنڈی کے زیرِ اہتمام "وزیرِ اعظم ہاسنگ پروگرام - گھر ہو تو اپنا، اپنا گھر پروگرام" کے فروغ اور اس میں پیش آنے والے مسائل کے حل کے لیے ایک اہم مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اس اجلاس میں 25 کمرشل بینکوں کے نمائندوں، راولپنڈی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (آر ڈی اے) کے افسران، راولپنڈی چیمبر آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

گوالمنڈی بن طارق ٹریڈرز کی افتتاحی تقریب

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) گوالمنڈی بن طارق ٹریڈرز کی افتتاحی تقریب منعقد کی گی جس کی میزبانی سی او بن طارق ٹریڈرز ملک حارث علی خان نے کی افتتاحی تقریب میں مرکزی انجمن تاجران گوالمنڈی صدر حاجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی، صدر انجمن تاجران گوالمنڈی حاجی اجمل و دیگر بن طارق ٹریڈرز کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد میں پولیس کا کریک ڈاؤن 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح، قاضی علی رضا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروروں اور اشتہاری مجرموں سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 516 گرام ہیروئن، 20 بوتلیں شراب اور مختلف بور کے 7 پستول معہ ایمونیشن برآمد ہوئے۔ پولیس کے مطابق آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ ترنول، رمنا، نون، شمس کالونی، بنی گالا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

جھنگ، صفائی کے دوران گٹر میں گر کر 2 ملازمین جاں بحق

جھنگ (آئی این پی) صوبہ پنجاب کے ضلع جھنگ میں صفائی کے دوران گٹر میں گر کر واسا کے نجی ٹھیکیداروں کے 2 ملازمین جان کی بازی ہار گئے۔ واقعہ جھنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد پولیس کا سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن

5 مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے۔ آپریشنز کے دوران 381 افراد 196 گھروں 38 دکانوں 6 ہوٹلز 216 موٹر سائیکلوں اور 81 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ پولیس کے مطابق جانچ پڑتال کے لیے 5 مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا جبکہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف بور کے 2 پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

بھارت، قتل کا مفرور ملزم نام بدل کر 27 برس تک ڈاکٹر بنا رہا

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت میں قتل کے ایک ایسے مفرور ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے جو نام بدل کر 27 برس تک دوسرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

جواد بگٹی آزاد عوام تحریک بلوچستان کے آرگنائزر نامزد

تحریک کی سوچ اور نظریہ عوام کی فلاح و بہبود ہے، جاوید انتظار

اسلام آباد (پ ر) جواد بگٹی کو آزاد عوام تحریک بلوچستان کا آرگنائزر نامزد کر دیا گیا۔ چیئرمین آزاد عوام تحریک جاوید انتظار نے جواد بگٹی کی نامزدگی کو بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ آزاد عوام تحریک کی سوچ اور نظریہ عوام کی فلاح و بہبود ہے۔ اے اے ٹی عام آدمی کی بات کرتی ہے۔ جو سیاسی مصلحتوں سے بالاتر ہو کر اجتماعی عوامی مفادات کے تحفظ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

گوجر خان میں بروقت چالان اور معیاری تفتیش کے حوالے سے پولیس و پراسیکیوشن کا اہم اجلاس

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر راولپنڈی میاں محمد عمران کی ہدایت پر پبلک پراسیکیوٹر عاصم شہزاد نے تھانہ گوجر خان، تھانہ مندرہ اور تھانہ جاتلی کے ایس ایچ اوز، محرران، پیروی افسران اور تفتیشی افسران کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: موٹر سائیکل چوری کرنے والا منظم گروہ گرفتار

چار ملزمان گرفتار سات مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) تھانہ گولڑہ پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے چار ارکان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی سات مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں جبکہ ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق آئی جی اسلام آباد کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل چوری اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اسی سلسلے میں تھانہ گولڑہ پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث چار رکنی منظم گروہ کو گرفتار کیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان نے ابتدائی تفتیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سلیم بٹ اور سجاد بٹ کی والدہ کا انتقال، نماز جنازہ ادا

نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت اہل علاقہ کی شرکت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) ممتاز کاروباری شخصیت اور توحیدی پولٹری سروس روات کے مالک سلیم بٹ اور سینئر وکیل عبداللہ بٹ، سجاد بٹ کی والدہ اور ذیشان بٹ، حسیب بٹ کی دادی جان کو سینکڑوں اشکبار آنکھوں کے سامنے ڈھوک حیدر چک مو ہڑی قبرستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل
★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شاہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویرپارڈ لائٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی | سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083